لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہرنامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFEID
وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily
SHEHAR NAMA
Islamabad

روزنامہ
شہرنامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07
پیر 14 ستمبر 2026ء یکم ربیع الثانی 1448ھ
صفحات 4 قیمت 10 روپے
شمارہ نمبر 12
فون: 0333-5196088
Email:sheharnama@gmail.com
Web:www.sheharnama.com

وزیراعظم کا پیٹرول ریلیف اسکیم کا اعلان

800 سی سی تک کی گاڑیاں استعمال کرنے والوں کو پیٹرول پر 100 روپے فی لٹر ریلیف دیا جائے گا

موٹر سائیکل، رکشا اور چنگچی سمیت دو اور 3 پہیوں والی سواریوں پر ماہانہ 20 لیٹر، 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان کو ماہانہ 30 لٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لٹر کا ریلیف فراہم کیا جائیگا

اسلام آباد میں اسکیم کا آغاز منگل جبکہ دیگر صوبوں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان میں جمعرات کو ہوگا: مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)وزیراعظم نے عوام کو پیٹرول کی قیمت میں ریلیف دیتے ہوئے بائیک، رکشا، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑیوں کو پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف دینے کا اعلان کردیا۔ رپورٹ کے مطابق مشرق وسطیٰ میں حالیہ کشیدگی اور عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے وزیراعظم نے ایک بار پھر خصوصی ریلفف اسکیم کا اجرا کردیا۔ وزیراعظم ہاؤس سے جاری کردہ بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا ہے کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے، مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ موٹر سائیکل، رکشا، چنگچی اور چھوٹی گاڑیاں استعال کرنے والوں پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کے لیے خصوصی اسکیم کا آغاز کیا جا رہا ہے، خصوصی ریلیف اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشا، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ موٹر سائیکل، رکشا اور چنگچی سمیت دو پہیوں اور تین پہیوں والی سواریوں پر ماہانہ بیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دیا جائے گا، اسی طرح چھوٹی گاڑیوں یعنی 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو ماہانہ تیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کردیا جائے گا جبکہ پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائے گا۔ وزیراعظم کے مطابق اس خصوصی ریلیف اسکیم کی رجسٹریشن کا اجراء آج سے کر دیا گیا ہے، جس کے طریقہ کار کو آگاہی مہم کے ذریعے عوام تک پہنچایا جائے گا، اسکیم میں رجسٹریشن کے لیے موٹر سائیکل، رکشا اور چھوٹی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 24)

لاہور، وزیراطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ ریڈیو پاکستان میں تقریب سے خطاب کررہے ہیں

بھارتی ہٹ دھرمی برقرار، ویمنز ٹیم کا بھی محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار

بھارتی ٹیم ڈریسنگ روم کے باہر دائرہ بنا کر موجود رہی اور گراؤنڈ میں نہ آئی

اگر فاتح ٹیم نے ٹرافی وصول کرنی ہے تو محسن نقوی سے ہی وصول کرے گی، اے سی سی ذرائع

دبئی(سپورٹس ڈیسک)ویمنز ایشیا کپ کا فائنل جیتنے کے بعد بھارتی ویمنز ٹیم نے چیئرمین ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کرکے ایک بار پھر کرکٹ کو سیاست کی نذر کردیا۔ دبئی میں ویمنز ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ فائنل کے انعامات دینے کی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 25)

چیئرمین ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) محسن نقوی سے ایشیا کپ کی فاتح ٹیم کو ٹرافی دینے کیلئے سٹیج پر کھڑے جبکہ بھارتی ٹیم علیحدہ کھڑی ہے

PTI احتجاج آج جماعت اسلامی دھرنا

صوبوں سے 23000 پولیس اہلکار اسلام آباد طلب

دھرنوں کی حمایت کا اعلان، جماعت اسلامی کو دعوت دیں گے کہ پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں ساتھ دیں، عوام کو ریلیف کے لیے اقدامات کیے جائیں، بیرسٹر گوہر

وزیراعظم کی پیٹرول اسکیم سے ہماری جدوجہد پر کوئی فرق نہیں پڑیگا، امیر جماعت اسلامی: دارلحکومت میں سکیورٹی کے سخت انتظامات، ریڈ زون کی سڑکیں بند، کنٹینرز لگا دیئے گئے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان نے جماعت اسلامی کے پیٹرولیم لیوی اور مہنگائی کے خلاف جاری دھرنوں کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی جماعت اسلامی کو انصاف کے لیے ہونے والے لانگ مارچ میں شرکت کی دعوت دے گی اور مہنگائی کے خلاف جدوجہد میں ساتھ دے گی۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ جماعت اسلامی کے دھرنے کی حمایت کرتے ہیں اور (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 26)

لاہور(بیورو رپورٹ) وزیراعظم کی پیٹرول اسکیم پر سربراہ جماعت اسلامی حافظ نعیم نے کہا ہے کہ ظالمانہ پٹرولیم لیوی کے خلاف ہماری جدوجہد کے نتیجے میں حکومت 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دینے پر مجبور ہوئی تاہم پیٹرول اسکیم کے باوجود ہماری لیوی کے خاتمے تک جاری رہے گی۔ اپنے بیان میں حافظ نعیم نے کہا ہے کہ موٹرسائیکل، رکشا اور چھوٹی گاڑیوں کے لیے پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا جائزہ لیں گے، وزیراعظم کی اس اسکیم سے پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری ہماری جدوجہد پر کوئی فرق نہیں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت نے پاکستان تحریک انصاف (PTI)، جماعت اسلامی اور کسانوں کے ممکنہ احتجاج اور دھرنوں کے پیش نظر اسلام آباد کی سیکیورٹی کے لیے تین صوبوں سے 23 ہزار 500 پولیس اہلکار طلب کر لیے ہیں، یہ اضافی نفری 20 ستمبر 2026 سے وفاقی دارالحکومت میں سیکیورٹی ڈیوٹی سنبھالے گی۔ وفاق نے صوبائی حکومتوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ان اہلکاروں کی بروقت اسلام آباد روانگی کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کریں۔ سیکیورٹی کے یہ سخت انتظامات پی ٹی آئی کے 27 ستمبر (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد کے ریڈ زون کو کنٹینرز لگا کر بند کیا گیا ہے

پنجاب: دفعہ 144 نافذ، جلوس و اجتماعات پر پابندی عائد

سکیورٹی اداروں نے ممکنہ دہشتگردی خطرات سے نمٹنے کیلئے فوری حفاظتی اقدامات میں معاونت کی درخواست کی تھی

عوامی مقامات پر ہر قسم کے ہتھیار لے جانے اور ان کی نمائش پر بھی مکمل پابندی ہوگی، محکمہ داخلہ پنجاب کا نوٹیفکیشن

لاہور(بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب نے صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ کردیا ہے، جس کے تحت عوامی مقاماتی یا شاہراہوں پر اجتماعات، جلوس یا دھرنوں پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ کے تحت عوامی مقامات، شاہراہوں یا کھلی جگہ پر 5 یا زائد افراد کے اجتماع، جلوس یا اکٹھے ہونے پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ عوامی مقامات پر ہر قسم کے ہتھیار لے جانے اور ان کی نمائش پر بھی مکمل پابندی ہوگی، غیر قانونی اجتماعات میں لوگوں کو شرکت کے لیے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 37)

تیمر گرہ، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جلسہ سے خطاب کررہے ہیں

حکومت ہتھکنڈوں سے باز رہے، قافلے اسلام آباد ضرور پہنچیں گے، حافظ نعیم

اپوزیشن نے پٹرولیم لیوی کیخلاف جماعت اسلامی کے احتجاج کی مکمل حمایت کی ہے

اسلام آباد(نمائندہ شہرنامہ)امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ بیس ستمبر کو ملک بھر سے قافلے اسلام آباد پہنچیں گے، حکومت کسی بھی ایڈوانچر (Adventure) سے باز رہے، پی ٹی آئی، جمعیت علماء اسلام، اے این پی سمیت ساری اپوزیشن نے جماعت اسلامی کے لانگ مارچ کی حمایت کی ہے، بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سیاسی قیدی سمجھتے ہیں، انہیں صحت کی تمام سہولیات دی جائیں، احتجاج تحریک انصاف کا آئینی حق ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 39)

شمالی کوریا کا بحیرہ جاپان میں متعدد بیلسٹک میزائلوں کا تجربہ

سوئیل(مانیٹرنگ ڈیسک) شمالی کوریا نے اپنے مشرقی ساحل سے سمندر کی جانب متعدد بیلسٹک میزائلوں کا تجربہ کیا ہے۔ جنوبی کوریا کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف نے بتایا ہے کہ شمالی کوریا نے بحیرہ جاپان کی جانب متعدد بیلسٹک میزائل فائر کیے۔ یہ میزائل شمالی کوریا کے وونسان کے علاقے سے داغے گئے اور یہ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 38)

انڈونیشیا: مسافر جہاز ڈوبنے سے 6 افراد جاں بحق، 129 لاپتا

مشرقی جاوا کے شہر سورابایا سے روانہ ہونے والے جہاز میں 243 افراد سوار تھے

جکارتہ(مانیٹرنگ ڈیسک) انڈونیشیا کے بحیرہ جاوا میں مسافر بردار جہاز الٹنے سے 6 افراد جاں بحق اور 129 افراد لاپتا ہوگئے ہیں۔ غیر ملکی خبرایجنسی کی رپورٹ کے مطابق انڈونیشیا کی سرچ اینڈ ریسکیو ایجنسی نے بتایا کہ اتوار کو صبح خراب موسم کے دوران بحیرہ جاوا میں مسافر بردار جہاز ورگو ٹرانسپورٹ 8 الٹ گیا اور 6 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوئی ہے اور مزید 129 افراد لاپتا ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ امدادی ٹیمیں جہاز سے 108 افراد کو بچانے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 41)

میئر کراچی نے مصطفیٰ کمال کے مناظرے کا چیلنج قبول کرلیا

کراچی(بیورو رپورٹ) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے مصطفیٰ کمال کے مناظرے کا چیلنج قبول کرلیا اور کہا ہے کہ جگہ کا تعین کریں میں پہنچ جاؤں گا۔ ضلع وسطی شادمان ٹاؤن میں پارک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران مصطفیٰ کمال پر تنقید کرتے ہوئے میئر کراچی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 40)

نیپرا: 58 ارب ڈالر کے بجلی پیداوار و ترسیل کے پلان کی منظوری

پلان میں 26 ہزار 45 میگاواٹ نئی پیداواری صلاحیت شامل کرنے کی تجویز

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) نیپرا نے 58 ارب ڈالر کے بجلی پیداوار و ترسیل کے 11 سالہ پلان کی منظوری دے دی۔ نیپرا نے انٹیگریٹڈ سسٹم پلان 2025-2035 کی مشروط منظوری دے دی ہے جس کے تحت آئندہ 11 سال میں بجلی کی پیداوار اور ترسیل کے شعبوں میں مجموعی طور پر 58 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ نیپرا کے مطابق پلان میں 26 ہزار 45 میگا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 35)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی انٹر پارلیمنٹری سپیکرز کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

شاہدہ لطیف کی دو نعتوں کی تعارفی تقریب 15 ستمبر کو ہوگی

نامور قوال معروف نعت خواں نذرانہ عقیدت پیش کریں گے

لاہور(نمائندہ شہرنامہ) ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان اور لاہور آرٹس کونسل الحمراء کے اشتراک سے محفل نعت وسماع کے ساتھ لیونگ لیجنڈ شاعرہ شاہدہ لطیف کی تخلیق کردہ دو نعتوں کے تعارفی تقریب اور سکریننگ 15، ستمبر 2026ء بروز منگل شام 6 ، بجے الحمراء کلچرل کمپلیکس ہال ون قذافی سٹیڈیم لاہور میں منعقد کی جارہی ہے اس بات کا اعلان ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 36)

ہرنائی کوئلہ کان میں گیس دھماکہ، 4 کان کن جاں بحق، 5 زخمی

دھماکے کے باعث پھنسے 5 مزدوروں کو زندہ بچالیا، ریسکیو آپریشن مکمل، زخمیوں کو مزید علاج کے لیے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا

مقامی افراد نے پاک فوج کی جانب سے بروقت امدادی کارروائیوں کو بھرپور انداز میں سراہا

ہرنائی(بیورو رپورٹ) ہرنائی میں پاک فوج نے ہرنائی کے علاقے میں واقع کوئلہ کان میں گیس دھماکے کے باعث پھنسے 5 مزدوروں کو زندہ بچالیا، جس کے ساتھ کان میں ریسکیو آپریشن مکمل کرلیا گیا۔ ہرنائی کوئلہ کان میں گیس دھماکے کے نتیجے میں اب تک 4 کان کن جاں بحق جبکہ 5 زخمی ہو چکے ہیں۔ زخمیوں کو مزید علاج کے لیے کوئٹہ منتقل کردیا گیا ہے۔ ہرنائی کے مقامی افراد نے پاک فوج کی جانب سے بروقت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 28)

بلوچستان: ریاست مخالف بیانیے کی 16 ہزار 367 سائٹس بند

20 ہزار 117 سائٹس کی نشان دہی کی گئی ہے، سیکریٹری داخلہ بلوچستان

کوئٹہ(بیورو رپورٹ)بلوچستان کے محکمہ داخلہ نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر جاری ریاست مخالف بیانیے کے خلاف اقدامات کرتے ہوئے 16 ہزار 367 سائٹس بند کردیں۔ سیکریٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات نے بتایا کہ ریاست مخالف بیانیے کے خلاف محکمہ داخلہ نے اقدامات کیے اور سماجی رابطوں کی میڈیا پر ریاست مخالف بیانیے کے 20 ہزار 117 سائٹس کی نشان دہی کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست مخالف بیانیے کے 16 ہزار 367 سائٹس کو (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 29)

صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، رانا ثناءاللہ

لاہور(بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے۔ لاہور میں سینئر صحافیوں سہیل وڑائچ، مجیب الرحمان شامی، سلمان غنی، حفیظ اللہ نیازی اور سلیم بخاری سمیت دیگر سے گفتگو میں وزیراعظم کے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 32)

وزیراعظم کا سعودی ولی عہد سے رابطہ، حوثی باغیوں کے حملوں کی مذمت

حوثیوں کی کارروائیاں علاقائی امن کے لیے خطرہ ہیں، شہباز شریف کی گفتگو

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور سعودی ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آج سہ پہر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم، عزت مآب شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے ٹیلی فون پر گفتگو کی نہایت گرم جوشی اور دوستانہ ماحول میں ہوئی اس گفتگو کے دوران وزیراعظم نے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 30)

وزیراعظم اسکیم، رعایتی پیٹرول لینے کا طریقہ کار جاری

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف کی خصوصی ریلیف اسکیم کے تحت رعایتی پیٹرول حاصل کرنے کے لیے حکومت کی جانب سے طریقہ کار جاری کردیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی خصوصی اسکیم کے تحت رعایتی پیٹرول حاصل کرنے کے لیے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 31)

پیرس اولمپکس، ارشد ندیم میڈل جیتنے میں ناکام، 5ویں پوزیشن پر چلے گئے

سری لنکا کے ریمش پاتھیرنگا نے 91.09 میٹر لمبی تھرو پھینک گولڈ میڈل جیت لیا

پیرس(مانیٹرنگ ڈیسک) پیرس اولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم ایک بار پھر میڈل جیتنے میں ناکام رہے، ارشد ندیم ورلڈ ایتھلیٹکس ایلیمینٹ چیمپین شپ میں پانچویں پوزیشن حاصل کرسکے۔ ہنگری کے شہر بڈاپسٹ میں ورلڈ ایتھلیٹکس ایلیمینٹ چیمپین شپ کا جیولین تھرو فائنل سری لنکا کے سری لنکا کے ریمش پاتھیرنگا نے چوتھی تھرو 09.91 میٹر کر کے جیت لیا۔ پاکستان کے ارشد ندیم پانچ ویں نمبر پر رہے، انہوں نے پہلی تھرو 42.74 میٹر کی۔ دوسری تھرو ارشد ندیم نے 66.79 میٹر پھینکی۔ ارشد ندیم نے تیسری تھرو 49.81 میٹر تھرو کی جو ان کی سیزن بیسٹ رہی۔ پیرس اولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ اب ایشین گیمز میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔

پی ٹی آئی میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے

خیبر پختونخوا حکومت نے گنڈاپور کے آبائی ضلع DI خان کے ترقیاتی فنڈز روک دیے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے، خیبر پختونخوا حکومت نے سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے آبائی ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے ترقیاتی فنڈز روک دیے نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے درمیان تعلقات گزشتہ کچھ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 33)

کراچی، کنوینئر ایم کیو ایم خالد مقبول صدیقی اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

کراچی ایئرپورٹ پر ڈیجیٹل ویکسینیشن کارڈ کی شرط موخر کرنے کی سفارش

ویکسینیشن سینٹر صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک خدمات فراہم کرے گا

کراچی(بیورو رپورٹ) کراچی ایئرپورٹ پر عمرہ زائرین سمیت بین الاقوامی مسافروں کے لیے نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) سے منسلک ڈیجیٹل ویکسینیشن کارڈ کے لازمی نفاذ پر پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) اور بارڈر ہیلتھ سروسز کے درمیان اختلافات سامنے آگئے اور پی اے اے نے نئی شرط کا فوری نفاذ آپریشنل مسائل کا باعث (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 34)

حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan
URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لیے
مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk
وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم
پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

پہلا مرحلہ رجسٹریشن کا طریقہ کار
REG <CNIC> <Plate No> <Province Code> <Registration Date>
- اپنے موبائل کے میسج میں رجسٹر REG لکھ کر (space) دیں
- اپنا شناختی کارڈ نمبر لکھ کر (space) دیں
- گاڑی کا رجسٹریشن نمبر لکھیں (space) دیں
- صوبہ: صوبے کے نام کا پہلا حرف لکھ کر (space) دیں
- رجسٹریشن کی تاریخ: DDMMYYYY لکھ کر

صوبے کے نام کا پہلا حرف	
Islamabad	I
AJK	A
GB	G
Sindh	S
Punjab	P
KPK	K
Balochistan	B

9771 پر بھیج دیں۔
رجسٹریشن مکمل ہونے پر تصدیقی میسج موصول ہوگا۔

دوسرا مرحلہ ٹوکن لینے کا طریقہ
رجسٹر یشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے
پٹرول پمپ جانے سے پہلے
TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں۔
موصول ہونے والے میسج میں
ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور
ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی۔

تیسرا مرحلہ رعایتی پٹرول کا حصول
ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی
قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں۔

800cc
موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے
جن کی رجسٹریشن یکم جنوری 2011 کے بعد ہوئی ہو، انہیں ماہانہ 20 لیٹر تک پٹرول پر ریلیف ملے گا۔
800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان
جن کی رجسٹریشن یکم جنوری 2006 کے بعد ہوئی ہو، انہیں ماہانہ 30 لیٹر تک پٹرول پر ریلیف ملے گا۔

ملک بھر میں رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے

- اسلام آباد کے صارفین 14 اور 15 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کرسکیں گے۔
- ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جاسکے گا۔

PID(I)2466-D/26

روزنامہ
Daily
SHEHAR
NAMA
Islamabad
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

مکہ مشترکہ معاہدہ! غیر مناسب تشریحات اور توقعات

ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی علاقائی سالمیت، خودمختاری اور سکیورٹی کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ایران کو پاکستان کی طرف سے کسی قسم کی کوئی وارننگ دیئے جانے کی رپورٹ بے بنیاد ہے لیکن حوثی حملے خطے کے اَمن اور سلامتی کے لئے خطرہ ہیں، پاکستان سعودی عرب کی شہری اور اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ مکہ دفاعی معاہدے کے تحت اسلام آباد کی طرف سے کسی فوجی کارروائی پر فی الحال کوئی بات چیت نہیں ہوئی، وقت آنے پر پاکستان معاہدے کے تحت کارروائی کرے گا۔ ترجمان نے واضح کیا کہ مکہ اتحاد سہ ملکی دفاعی اتحاد ہے اور فی الحال اِسے وسعت دینے کا کوئی منصوبہ زیر غور نہیں ہے، اِسے منظم اور مضبوط کرنا ہوگا جس کے بعد یہ اُن تمام ممالک کے لئے کھلا ہوگا جو اِسی طرح کے خیالات، تصورات اور ضروریات رکھتے ہیں۔ ترجمان دفترِ خارجہ نے متحدہ عرب امارات میں پاکستانیوں کے روزگار کے مسائل اور قطر کی طرف سے ویزہ پابندیوں سے متعلق خبروں کی تردید بھی کی۔

ترجمانِ دفتر خارجہ کی پریس بریفنگ پاکستان کے مجموعی خارجی حالات کی درست سمت اور موجودہ صورتحال کی نزاکت کو بیان کر رہی ہے، اِس بریفنگ سے واضح ہو رہا ہے کہ مکہ معاہدہ اتحاد کی نوعیت دفاعی ہے، اِس کی غیر مناسب تشریحات اور توقعات کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ مکہ دفاعی اتحاد حال ہی میں طے پایا ہے، پاکستان اِس کا پہلا سیکرٹری جنرل ہے، ابھی تو اِس کے نظام، سٹرکچر اور دیگر معاملات پر بات ہو رہی ہے، سعودی عرب میں سیکریٹیریٹ بنایا جا رہا ہے، ایسے میں اتحاد کی طرف سے جارحانہ اقدامات کی توقع دیوانے کا خواب تو ہوسکتا ہے، حقیقت سے اِس کا کوئی تعلق نہیں ہے ویسے بھی سعودی عرب جدید عسکری قوت رکھتا ہے، اِس کی افواج اپنے معاملات کو سنبھال سکتی ہیں، گزشتہ کئی دہائیوں سے وہ حوثیوں سے نبٹتا چلا آ رہا ہے اور آئندہ بھی اِس مسئلے سے نبٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ اس وضاحت سے گھڑی جانے والی تمام تر تاویلات اور شروع کیے گئے بے پر کے مباحثوں پر پاکستان کا نہایت ٹھوس اور واضح موقف سامنے آ جاتا ہے صراحت کے ساتھ بتا دیا گیا ہے کہ مکہ دفاعی اتحاد کا مطلب کسی پر بلاوجہ حملہ آور ہونا یا خطے کے کسی ملک کو للکارنا ہرگز نہیں ہے۔ رواں ہفتے یمنی حوثیوں نے سعودی عرب پر حملے کیے جس کے جواب میں اُس نے بھی حوثی جنگجوؤں کے خلاف ایک بڑا اور وسیع آپریشن شروع کر دیا۔ گزشتہ چند روز میں حوثیوں نے سعودی عرب کے اہم اور گنجان شہروں کو بیلسٹک میزائلوں اور مسلح ڈرونوں سے کئی بار ہا نشانہ بنایا جس سے علاقائی سالمیت کو خطرات لاحق ہو چکے ہیں۔ اِن حملوں کے بعد سعودی ولی عہد نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ٹیلیفونک گفتگو کی جس کے بارے امریکہ میڈیا کا کہنا تھا کہ ٹرمپ کو فون کر کے بگڑتی صورتحال سے آگاہ کرنے کے علاوہ یمن کے حوثیوں کے خلاف کارروائی پر بھی زور دیا تاہم ٹرمپ نے یہ درخواست مسترد کر دی۔ ان رپورٹوں میں کہاں تک صداقت ہے، اِس سے قطع نظر امریکی صدر کا موقف تھا کہ فی الحال واشنگٹن کا حوثیوں کے خلاف براہِ راست فوجی کارروائی کا کوئی منصوبہ نہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکہ اپنی بنیادی قومی سلامتی کے مفادات کے تحفظ پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے جن میں بحیرۂ احمر میں جہاز رانی کی آزادی کو یقینی بنانا شامل ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ کے مطابق امریکہ علاقائی سلامتی کے چیلنجوں سے نبٹنے اور اِنہیں حل کرنے میں اپنے علاقائی شراکت داروں کو قائدانہ کردار ادا کرنے کے قابل بنا رہا ہے۔

دوسری جانب کئی بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق حوثیوں کو مزید اِس قسم کے تباہ کن حملوں سے روکنے کے لئے پاکستان کے سفارتی ذرائع سے ایران کو پیغام بھیجا گیا کہ وہ انہیں روکے، جس کے جواب میں ایران نے کہا کہ وہ حوثیوں کو کنٹرول نہیں کرتا۔ وزارتِ خارجہ نے اِس خبر کو بے بنیاد قرار دے دیا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ کے حالات پہلے ہی امریکہ اور ایران کے علاوہ اسرائیل اور لبنان جنگ کے باعث کشیدہ ہیں، آبنائے ہُرمز کی بندش نے توانائی کی قیمتوں کو ناقابلِ برداشت حد تک بڑھا رکھا ہے ایسے میں حوثیوں کی طرف باب المندب کا کنٹرول سنبھالنے اور اِسے بند کر دینے سے دنیا کی مشکلات میں مزید اضافہ کر سکتا ہے۔ اِس کی اہمیت کا اندازہ اِس طرح بھی لگایا جاسکتا ہے کہ دنیا بھر کی توانائی کی ضروریات کا ایک بڑا حصہ باب المندب سے گزرتا ہے، ابھی یہ بند نہیں ہوئی تو تیل کی عالمی قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر چکی ہیں کیونکہ آبنائے ہُرمز پہلے ہی بند ہے۔ مشرقِ وسطیٰ کے حالات انتہائی نازک دور سے گزر رہے ہیں ایسے میں جعلی خبروں اور افواہوں پر کان دھرنے یا لاحاصل مباحثوں سے نقصان تو ہوسکتا ہے فائدہ کسی صورت حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ خارجی معاملات اور عالمی سفارتکاری کا میدان انتہائی نازک، حساس اور پیچیدہ ہے، ہر قدم نہایت نپا تُلا، سنجیدہ اور پھونک پھونک کر رکھا جاتا ہے، نازک صورتحال بالخصوص جب پورا مشرقِ وسطیٰ ایک بڑی جنگ اور تباہی کے دہانے سے گزر رہا ہو، جعلی خبروں، افواہوں اور غیر ضروری بحث مباحثوں سے پرہیز کیا جانا چاہئے کیونکہ یہ غیر ضروری طور پر عوام کے درمیان اضطراب اور پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ پاکستان مشرقِ وسطیٰ میں اَمن کے لئے سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، اُمید ہے وہ پہلے کی طرح ایک بار پھر خطے کی کشیدگی کم کرانے میں کامیاب ہو جائے گا۔

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا
اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا
رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

عام آدمی کی مشکلات کا ازالہ اولین ترجیح ہونا چاہیئے!

ملکہ کوہسار
امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ اکتوبر میں پارلیمان کے اجلاس شیڈول میں شامل ہیں، ان اجلاسوں میں نئے صوبوں کے ایشو پر بحث کرائی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں پر بحث کا اصل مقام پارلیمنٹ ہی ہے۔ وفاقی دارالحکومت کے حوالے سے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ اسلام آباد صوبہ نہیں بن رہا اور نہ ہی اسلام آباد کو نیا صوبہ بنانے کے حوالے سے کوئی بات ہوئی ہے البتہ حکومت اسلام آباد میں ایک نیا گورننس ماڈل اختیار کرنے جا رہی ہے۔ ان کے بقول اسلام آباد میں بلدیاتی نظام کی جگہ نیا نظام متعارف کرانے کی تجویز زیر غور ہے جس کے تحت 27 رکنی اسمبلی ہوگی اور چیف ایگزیکٹو کے لئے وزیراعلیٰ یا میئر کا عہدہ تخلیق کیا جائے گا۔

اس میں تو کوئی دو رائے نہیں کہ ملک کے وفاقی ریاستی ڈھانچے میں سے نئے صوبے یا انتظامی یونٹ نکالے جا سکتے ہیں کیونکہ آئین کی دفع 239(4) میں واضح طور پر نئے صوبے کی تشکیل کا طریقِ کار وضع کر دیا گیا ہے جبکہ نئے انتظامی یونٹ محض قانون سازی کر کے بنائے جاسکتے ہیں۔ نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کی تشکیل کی بحث کا آغاز وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے گذشتہ ماہ تاجروں کے ایک سیمینار میں خطاب کے دوران کیا تھا اور وہ اب تک مختلف فورموں پر شدّ و مد کے ساتھ اپنی اس تجویز کی ہی وکالت کر رہے ہیں۔ وہ نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کی بات ایک ساتھ کرتے ہیں تو بادی النظر میں یہی تاثر پیدا ہوتا ہے کہ کسی ایک ہی آئینی یا قانونی طریق کار سے نیا صوبہ یا انتظامی یونٹ قائم کیا جا سکتا ہے۔ اس حوالے سے اسلام آباد کے انتظامی ڈھانچے میں مجوزہ تبدیلیوں اور نئے صوبوں کی تشکیل کے سوال کو ایک ہی معاملہ سمجھنے سے کئی آئینی اور سیاسی ابہام پیدا ہو سکتے ہیں۔ ریاستی نظام میں کوئی بھی بنیادی تبدیلی بہر حال آئین و قانون کے دائرے میں رہ کر ہی کی جاسکتی ہے اور اس کے لئے پارلیمنٹ ہی سب سے موزوں اور مجاز فورم ہے۔

نئے صوبوں کی تشکیل کا معاملہ پاکستان میں کوئی نیا موضوع نہیں۔ وقتاً فوقتاً انتظامی سہولت، آبادی کے دباؤ، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور پسماندہ علاقوں کی محرومی دور کرنے کے نام پر نئے صوبوں یا انتظامی یونٹوں کی ضرورت محسوس کی جاتی رہی ہے۔ جنوبی پنجاب، بہاولپور، ہزارہ اور دیگر علاقوں کے حوالے سے بھی مختلف اوقات میں آوازیں اٹھتی رہی ہیں۔ اس بحث کے سیاسی پہلو اپنی جگہ، تاہم کسی نئے صوبے کی تشکیل کا فیصلہ محض سیاسی اعلان یا انتظامی حکم کے ذریعے نہیں کیا جاسکتا۔ آئین نے اس کے لئے باقاعدہ طریقہ کار متعین کر رکھا ہے جس کی پابندی ہر صورت لازم ہے۔

آئین پاکستان کی دفعہ 239 اور اس کی شقوں میں آئین میں ترمیم اور نئے صوبے کی تشکیل کے طریق کار کو صراحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے جس میں کسی ابہام کی کوئی گنجائش نہیں۔ اس معاملے میں متعلقہ صوبائی اسمبلی سے قرارداد کی دو تہائی اکثریت سے منظوری سمیت تمام آئینی تقاضے پورے کرنا ضروری ہے جبکہ پارلیمنٹ میں بھی آئینی طریقہ کار کے مطابق کارروائی عمل میں آتی ہے چنانچہ اگر موجودہ آئینی طریقہ کار ہی میں کوئی تبدیلی مقصود ہو تو اس کے لئے بھی آئین کی متعلقہ دفعات میں باقاعدہ ترمیم کرنا ہوگی۔ یہ امر کسی ابہام کے بغیر واضح رہنا چاہئے کہ ریاستی ڈھانچے میں تبدیلی کا ہر قدم آئین کے مطابق اٹھایا جائے اور ماورائے آئین اقدام کی کسی بھی سوچ کی حوصلہ شکنی ہونی چاہئے کیونکہ آئین ہی وفاق، صوبوں اور ریاستی اداروں کے اختیارات اور حدود کا تعین کرتا ہے۔

اس تناظر میں اکتوبر میں پارلیمنٹ میں نئے صوبوں کے معاملے پر بحث کا فیصلہ خوش آئند ہے تاہم یہ بحث محض سیاسی نعروں، جماعتی مفادات یا انتخابی مصلحتوں تک محدود نہیں رہنی چاہیئے۔ پارلیمان میں اس موضوع کے تمام آئینی، انتظامی، مالی، معاشی اور سیاسی پہلوؤں کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جانا چاہئے اور یہ بھی دیکھا جائے کہ نئے صوبوں کی تشکیل سے انتظامی کارکردگی کس حد تک بہتر ہوگی، وسائل کی تقسیم پر کیا اثر پڑے گا، نئے انتظامی مراکز کے اخراجات کیسے پورے ہوں گے اور عوام کو اس کے نتیجے میں حقیقی سہولت کس انداز میں حاصل ہوگی۔ اگر نئے صوبے عوامی مسائل کے حل، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور انتظامی بہتری کا ذریعہ بنتے ہیں تو اس پر کھلے ذہن سے غور ہونا چاہئے مگر قومی وحدت اور آئینی تقاضوں کو کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ اس تناظر میں وفاقی دارالحکومت کی انتظامی ضروریات یقیناً صوبوں سے مختلف ہیں اور اگر موجودہ انتظامی ڈھانچے میں بہتری کے لئے نیا گورننس ماڈل وضع کیا جا رہا ہے تو اس کی تفصیلات بھی پارلیمنٹ اور عوام کے سامنے لائی جانی چاہئیں۔ اختیارات کی تقسیم، منتخب نمائندگی، مالی خودمختاری اور انتظامی جوابدہی کے واضح اصولوں کے بغیر کوئی بھی نیا ماڈل اپنے مقاصد حاصل نہیں کرسکتا۔ پارلیمنٹ میں نئے صوبوں پر بحث کا معاملہ اپنی جگہ اہم ہے تاہم اس وقت پارلیمنٹ میں بحث کے متقاضی وہ مسائل ہیں جنہوں نے عوام کو عملاً زندہ درگور کر رکھا ہے۔ آج مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے، پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں روزانہ کی بنیاد پر مسلسل اضافے نے نقل وحمل سے لے کر اشیائے ضروریہ تک ہر شعبے کو متاثر کیا ہے، جبکہ بجلی کے بڑھتے ہوئے نرخ گھریلو بجٹ ہی نہیں، صنعت وتجارت اور زراعت کے لئے بھی سنگین مسئلہ بن چکے ہیں۔ ایسے حالات میں پارلیمنٹ کو عوام کے ان مسائل کو فوکس کر کے بحث کرنی چاہیئے جو براہ راست ان کی زندگی اور روزگار سے متعلق ہیں بے شک پارلیمنٹ عوام کے منتخب نمائندوں کا سب سے بڑا آئینی فورم ہے۔ اس کی ذمہ داری صرف قانون سازی یا سیاسی معاملات پر بحث تک محدود نہیں بلکہ عوام کے دکھ درد اور ان کے مسائل کے ازالے کی آواز بننا بھی اس کے لئے لازم ہے۔ بے شک نئے صوبوں پر بحث بھی ضرور ہونی چاہئے تاکہ اس پر سیاسی دکانداریاں مستقل طور پر بند ہوسکیں تاہم اس کے ساتھ ساتھ غربت، بے روزگاری، مہنگائی، بجلی اور پٹرول کے بڑھتے ہوئے نرخوں اور عام آدمی کی روزمرہ کی مشکلات کا ازالہ بھی پارلیمانی ایجنڈے میں اولین ترجیح ہونا چاہیئے۔

سیانی حکمرانی، نادان عوام!



سچی بات ہے اب بہت سی باتوں سے اعتبار اٹھ گیا ہے، سب سے بڑی بے اعتباری تو یہ پیدا ہوئی ہے کہ اب کسی جدوجہد کے نتیجے میں بہتری کی توقع بھی نہیں رہی۔ وہ باتیں وہ دن بھی کیا خوب تھے کہ ذرا سی زیادتی ہوئی، عوام نے جلوس نکالے، جلسے کئے تو نظام کے علمبرداروں نے فوراً گھٹنے ٹیک دیئے، معافی مانگ لی، فیصلے واپس لے لئے۔ اب تو دیوار سے سر ٹکراتے رہیں، بلکہ سر پھوڑ پھوڑ کے لہولہان ہو جائیں، کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ یہ پہلا موقع نہیں کہ جماعتِ اسلامی کا دھرنا صدا بہ صحرا ثابت ہو رہا ہے۔ اس شہر لاہور میں اساتذہ ہفتوں بیٹھے رہے۔ اپنے مطالبات کے لئے دہائی دیتے رہے مگر کچھ نہ بنا اور وہ ناکام لوٹ گئے۔ کسانوں نے دھرنے دیئے، احتجاج کئے کسی نے نہ سنی اور انہیں بھی مایوس و ناکام لوٹنا پڑا۔ تاجروں نے ہڑتالیں کیں کہ ان پر سے لاک ڈاؤن ختم کیا جائے، کاروبار تباہ ہو رہا ہے۔ انہیں بھی ٹھینگا دکھا دیا گیا۔ تو صاحبو! جہاں کسی کی نہ سنی جائے، وہاں یہ اعتبار کیسے قائم رہ سکتا ہے کہ عوام کا ریاست میں کوئی کردار ہے، اہمیت ہے۔ یہ لاتعلقی یا عوام کو نظام سے علیحدہ کر دینے کی روش کیا وہ استحکام پیدا کرسکتی ہے جو ریاست کی مضبوطی کے لئے ضروری ہوتا ہے۔ میں نے اپنی زندگی میں کیسی کیسی تحریکیں نہیں دیکھیں، کیسے جلسے اور جلوس نظر سے نہیں گزرے، کوئی بڑا انقلاب نہیں آیا تو کم از کم اتنا ضرور ہوا بات مذاکرات تک آ گئی اور لائن کٹ گئی والے سلسلے بار بار نہیں ہوئے۔ اس سے ایک امید بندھتی رہی اور گاڑی چلتی رہی۔ اب تو یوں لگتا ہے کہ حکومت نے کان میں روئی ٹھونسی ہوئی ہے اور قسم کھالی ہے کہ ایسی کوئی آواز نہیں سننی جو عوام کے اندر سے اُٹھ رہی ہے۔ قوم نفسیاتی مریض بنتی جا رہی ہے کہ اس کی دادرسی نہیں ہو رہی۔ چیخ رہی ہے حضور یہ روزانہ تیل مہنگا کرنے کی حکمتِ عملی بدلیں، بری خبر روزانہ سننے کو ملے تو نفسیات دان بھی کہتے ہیں انسان پاگل ہو جاتا ہے۔ میری تو یہ کوشش ہوتی ہے، یہ خبر نہ ہی سنوں کہ پٹرول کتنے روپے مہنگا ہو گیا ہے مگر اس کا کیا کریں کہ کوئی راستے میں روک کے جب یہ کہتا ہے آج پھر دس روپے، پانچ روپے بڑھا دیئے گئے، تو چونکنا پڑتا ہے کہ لوگ کتنے پریشان ہو گئے ہیں۔ کل ایک سٹور پر خریداری کے لئے گیا تو آگے چودھری اختر مل گئے، سینئر سٹیزن ہیں، اپنی اہلیہ کے ساتھ خریداری کے لئے آئے ہوئے تھے۔ کہنے لگے 75 سال عمر ہوگئی ہے لیکن جو سلسلہ اس حکومت نے روزانہ پٹرول کی قیمت رکھنے کا شروع کیا ہے، اس کی کہیں مثال نہیں ملتی۔ جب خریداری کے لئے جاؤ دکاندار بڑی ہوئی قیمت کا یہ کہہ کر دفاع کرتا ہے، سر روزانہ تیل کی قیمت بھی تو بڑھ رہی ہے۔ خدا کے لئے اس بارے میں لکھو اور کہو بے شک پندرہ دن بعد تیل کی قیمت 50 روپے فی لٹر بڑھا دیں، مگر اس روزانہ کے عذاب سے نجات دلائیں۔

میں نے سوچا اب بات کہاں تک چلی گئی ہے مجھے وہ بادشاہ یاد آ گیا جو اپنے محل کے باہر عوام کو جوتے مرواتا تھا، عوام جوتے کھانے کے تو عادی ہو گئے تھے، البتہ انہیں اس بات پر بڑی تکلیف ہوتی تھی کہ جوتے کھانے کے لئے انتظار کرنا پڑتا تھا۔ اس لئے وہ فریاد کناں تھے کہ اے بادشاہ سلامت کم از کم جوتے مارنے والوں کی تعداد ہی بڑھا دیں۔ سو اب عوام کا بھی یہی کہنا ہے کہ ہمیں قسطوں میں نہ ماریں ایک ہی بار موٹا اضافہ کر کے خزانہ بھر لیں تاکہ اذیتوں کے اس تسلسل سے بچ سکیں جو ہر چوبیس گھنٹے کے بعد ان پر نازل ہو جاتا ہے۔ کسی نظام میں جب عوام کی اہمیت نہ رہے تو وہ بے لگام گھوڑا بن جاتا ہے۔ وہ سرپٹ دوڑتا رہتا ہے اور اسے اس کی فکر نہیں ہوتی اس کی ٹاپوں کے شور سے کس کی نیند خراب ہو رہی ہے۔ عوام تو یہ بھی نہیں سمجھ سکے کہ آج کے حاکمانِ وقت پر ملک سے باہر رہنے کا خبط کیوں طاری ہو گیا ہے۔ ہر دو دن بعد بیرونی دورے پر جانے والے اور پھر کئی کئی دن ملک سے دُور رہ کر زندگی گزارنے والے کیا اتنے فارغ البال ہیں کہ ان کی ملک کو ضرورت ہی نہیں۔ ان دوروں کے نتیجے میں عوام کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی۔ ان کے کتنے مسائل حل ہوئے، معاشی بحران ٹلا، تیل کی قیمتوں میں کوئی استحکام آیا۔ ملک میں گورننس بہتر ہوئی۔ عوام کو کہیں سکھ کا سانس ملا۔ اب تو کچھ بھی نہیں ہوا بلکہ مسائل بڑھتے ہی جا رہے ہیں۔ ہاں ان دوروں کی اہمیت ہوتی اگر ملک میں سرمایہ کاری آتی، قرضوں کی ادائیگی میں کوئی ریلیف ملتا، ملک پر معاشی دباؤ کم ہوتا۔ اتنے دورے تو بڑے ملکوں کے بادشاہ نہیں کرتے جتنے اس قرضوں میں ڈوبے ملک کے حکمران کرتے ہیں۔ معاملہ ترجیحات کا ہونا چاہیے اور ترجیحات میں یہ بات کہیں نظر ہی نہیں آتی کہ اخراجات کم کریں، بچت کر کے عوام کو ریلیف دیں، بلکہ اُلٹا ان کی جیبوں سے رہی سہی رقم نکال کر اپنے شاہانہ اخراجات پورے کرنے کی پالیسی پورے زوروں پر ہے۔ اگر ہم کسی سرنگ سے گزر رہے ہوں تو یہ امید ہمیں اس کے اندھیرے سے نہیں ڈراتی بلکہ سمت نظر آنے والی روشنی کے انتظار میں ہم زندہ رہتے ہیں۔ کاش ہمیں سرنگ کے دوسری طرف نظر آنے والی روشنی کا ہی یقین دلا دیا جائے۔ بتایا جائے کہ کتنے عرصے، کتنی مسافت کے بعد روشنی نظر آئے گی۔ یہ مشکلات کم ہوں گی اور غریب عوام کو سکھ کا سانس لینا نصیب ہوگا۔ پہلے صرف سنتے تھے کہ ملک میں غربت ہے، اب جگہ جگہ اس کے مظاہر نظر آتے ہیں۔ اصل میں حکمرانوں اور عوام کے درمیان فاصلے اتنے بڑھ گئے ہیں کہ پروٹوکول اور اقتدار کی چکاچوند راہداریوں میں نہ رہنے والے یہ اندازہ ہی نہیں کر سکتے عوام کی حالت کیا ہے۔ پٹرول چار سو روپے فی لٹر تک تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ گویا دو تین مہینوں میں سو فیصد بڑھ چکا ہے، کیا اس کے مطابق عوام کی آمدنی بڑھی ہے۔ کیا تنخواہیں ڈبل ہوگئی ہیں، کیا مزدوری دوگنا مل رہی ہے؟ سوائے چند اوپر والے طبقوں کے کسی کی تنخواہ یا مراعات نہیں بڑھیں، تو پھر کوئی اس بات پر بھی تو سوچے کہ آمدنی وخرچ میں اتنا بڑا تفاوت پیدا ہو گیا ہے اس کے ہوتے عوام زندہ کیسے ہیں، گزر بسر کیسے کر رہے ہیں؟

ایران امریکہ جنگ، پاکستان؟

کرنٹ افیئرز
مصطفےٰ کمال پاشا

پاکستان نے ایران امریکہ جنگ بند کرانے کے حوالے سے ثالثی کر کے عالمی سفارتی محاذ پر جو کامیابی حاصل کی تھی اس سے پاکستان کو جو عزت ملی تھی وہ ایران امریکہ جنگ میں شدت آنے کے بعد کہیں گم ہوگئی ہے ویسے جسے ثالثی کہا گیا وہ ثالثی نہیں بلکہ سہولت کاری تھی کیونکہ ثالثی کے لئے ثالث کی پوزیشن کا مستحکم، اعلیٰ اور ارفع ہی نہیں بلکہ اس کا فریقین پر اثر و رسوخ بھی ہونا ضروری ہوتا ہے لیکن ہمیں معلوم ہے کہ ایران امریکہ کسی طور بھی پاکستان کے کہنے سننے میں نہ تھے اور نہ ہیں۔ ایران کے ساتھ تو انقلاب ایران کے بعد سے ہمارے تعلقات دوستانہ نہیں رہے، ایران جتنا امریکہ کا دشمن ہے اتنا ہی اسرائیل کا اور شاید سعودی عرب کا اس سے بھی زیادہ، پاکستان امریکی اتحادی ہے سعودی اتحادی ہے ہمارے دل حرمین شریفین کی موجودگی کے باعث سعودی عرب کے ساتھ ہیں۔ سعودی عرب کے ساتھ ہمارے دیرینہ تعلقات ہیں ہمارے لاکھوں کارکن وعمال سعودی عرب میں روزگار کماتے ہیں جن سے ہماری زرمبادلہ کی ضروریات پوری ہوتی ہیں اس کے برعکس ایران ہمیں اچھی نظروں سے نہیں دیکھتا، وہ مسلکی برادری کو اپنا حمایتی بنانے میں لگا رہتا ہے۔ ایران نے لبنان، عراق، شام اور یمن میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کی کاوشیں کیں وہاں تباہی و بربادی آئی۔ یہ سارے ملک آگ و لہو میں نہا گئے یہ ایران کی اپنی پالیسیوں کی وجہ ہے کہ آج ایران کو اپنی بقا کی جدوجہد کرنا پڑ رہی ہے یہ ایران کی قیادت کی پالیسیوں کا نتیجہ ہے کہ آج کوئی بھی مسلم ملک ایران کے ساتھ کھڑا دکھائی نہیں دیتا۔ ایران کے اچھے تعلقات بھارت کے ساتھ ہیں۔ بھارت کے ساتھ اچھے تعلقات چاہ بہار کی تعمیر وترقی کے معاہدے میں بھی ڈھلے تھے لیکن پھر نجانے کیا ہوا کہ معاملات آگے نہیں بڑھ سکے۔ پاکستان نے ایران امریکہ جنگ بندی کے لئے کاوشیں کیں ایرانی قیادت کو امریکیوں کے ساتھ بٹھایا۔ امریکی و ایرانی 45 سال بعد مذاکرات کی میز پر بیٹھے، معاملات میں بہتری کی صورت پیدا ہوئی لیکن پھر معاملات جنگ کی طرف چلے گئے ایسا ہونے میں جہاں ایرانی قیادت کی غیر حکیمانہ سوچ کا عمل دخل ہے وہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی احمقانہ اور بچگانہ اپروچ کا بھی بڑا اہم کردار ہے۔ امریکہ عالمی اقتصادی قوت بھی ہے اور عسکری دیو بھی۔ ایران نصف صدی سے عالمی اقتصادی و فوجی پابندیوں کا شکار ہے اس کی فوجی صلاحیت کتنی ہوگی اس کی معاشی حالت انتہائی مخدوش ہے اس کے باوجود ابھی تک وہ امریکہ جیسی عالمی اقتصادی وفوجی طاقت کے سامنے کھڑا ہے اور اسے اپنی شرائط پیش کر رہا ہے۔ جنگ بندی کے لئے پسند کی شرائط پیش کر رہا ہے۔ عالمی منظر پر امریکہ کی جگ ہنسائی ہو رہی ہے۔

ایران امریکہ واسرائیل دشمن ہی نہیں بلکہ اس کے عرب ممالک کے حوالے سے تحفظات ضاہر ہیں۔ انقلاب ایران کے بعد ایران کا مسلکی تشخص کھل کر سامنے آیا۔ ولایت فقیہ پر قائم ہونے والی ایرانی حکومت نے شیعہ انقلاب برآمد کرنے کی پالیسی کا اعلان کیا تھا، حالیہ جنگ میں ایرانی ابھی تک سعودی عرب پر حملہ آور نہیں ہوئے لیکن حوثیوں کے ذریعے سعودی عرب پر جنگ مسلط کی جا چکی ہے۔ ایران کے امریکی مفادات پر داغے جانے والے میزائل ہوں یا چلائے جانے والے ڈرونز، ان سب کا نشانہ عرب ممالک ہیں۔ ایران امریکی مفادات پر حملوں کا نام دے کر عربوں کو تباہ و برباد کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ ایرانی قیادت خود بھی تقسیم ہے۔ ایک طرف ایران حکومت ہے دوسری طرف پاسداران ہیں۔ آیت اللہ بھی ایک مرکز قوت ہیں۔ ایرانی سیاسی قیادت اور انقلابی قیادت کے درمیان اختلافات بڑے واضح ہیں۔ ایرانی عوام پریشان ہیں، معیشت جان بلب ہے، اشیائے خورد ونوش کی قلت ہے۔ پاسدارانِ انقلاب کی گرفت نے معاملات میں شدید خرابی پیدا کر رکھی ہے ایسی ہی صورت حال کو دیکھتے ہوئے امریکہ واسرائیل کا خیال تھا کہ عوام اٹھ کھڑے ہوں گے اور ایرانی رجیم تبدیل ہو جائے گی لیکن اسرائیل کے ایران پر حملے نے منتشر ایرانی عوام کو متحد کر دیا۔ عوامی نفرت کا رخ اسرائیل اور پھر امریکہ کی طرف مڑ گیا۔ اب جنگ میں ایرانی رجیم کی تبدیلی کا پہلو عملاً ناپید نظر آ رہا ہے۔ پاسداران کی معاملات پر گرفت موثر ہو چکی ہے۔ ایرانی قیادت جنگ کا دائرہ پھیلا رہی ہے۔ مکہ معاہدے کے مطابق پاکستان وترکی وسعودی عرب ایک دوسرے کے دفاع کے پابند ہیں۔ حوثیوں کے سعودی عرب پر حملے کے بعد اطلاعات کے مطابق پاکستان نے ایران کو خبردار کیا ہے ویسے پاکستان اس سے پہلے بھی ایران کو سعودی عرب کے ساتھ چھیڑ چھاڑ سے منع کرتا رہا ہے۔ اب تو مشورہ نہیں بلکہ خبردار کیا گیا ہے کیونکہ سعودی عرب کا دفاع پاکستان کی ڈیوٹی بن چکا ہے۔

تاریخ کے طالب علم اور محقق کے طور پر میری رائے ہے کہ جنگ پھیل کر رہے گی، جنگ پھیلائی جا رہی ہے۔ اسرائیل، امریکہ اور ایران کے مفادات کچھ اس طرح مل گئے ہیں کہ جنگ جاری رکھنے میں ہی خیر نظر آ رہی ہے۔ عربوں کی تباہی امریکہ، اسرائیل اور ایران کا مشترکہ مفاد ہے۔ سعودی عرب کو اس جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے بلکہ دھکیل دیا گیا ہے۔ حوثی بنیادی طور پر یمن میں ایرانی پراکسی ہیں جس طرح ہرمزکو بند کر کے عربی تیل کی تجارت پر ضرب لگائی گئی ہے بالکل اسی طرح حوثیوں کے ذریعے باب المندب کو بند کر کے تیل کی تجارت کی تباہی میں رہی سہی کسر بھی نکالی جائے گی۔

پاکستان کو اس جنگ میں دھکیل کر پاکستان کو کمزور کرنا امریکی واسرائیلی مفاد میں ہے، ہماری قومی معیشت انتہائی کمزور ہے، عوام ذلیل وخوار ہو رہے ہیں حکومتی اخراجات ان کے زخموں پر نمک کا کام کر رہے ہیں ایسے میں پاکستان کا کسی جنگ میں ملوث ہونے کا متحمل نہیں ہوسکتا، ویسے ہندوستان آپریشن سندور جاری رکھے ہوئے ہے، پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش جاری ہے، اللہ خیر کرے۔

فرمودات قائد



یہ یاد رکھئے کہ انتقام اور قانون کی خلاف ورزیاں ہمیں کہیں کا نہ رکھیں گی اور بالآخر اس عمارت کی بنیادیں کمزور کر دیں گی جسے تعمیر کرنے کی حسرت برسوں سے آپ کے دل میں پل رہی تھی۔

(جلسہ عام، لاہور 30 اکتوبر 1947ء)

SHEHAR NAMA
شہر نامہ

فن وثقافت

گلوکارہ آئمہ بیگ نے شوہر سے علیحدگی کی تصدیق کردی

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی گلوکارہ آئمہ بیگ نے معروف فیشن برانڈ کے سی ای او زین احمد کے ساتھ اپنے تعلق کی صورتحال واضح کردی ہے۔ گلوکارہ نے سوشل میڈیا پر ایک حالیہ پوسٹ کے ذریعے خود کو 'سنگل' ظاہر کرتے ہوئے شوہر سے علیحدگی کی تصدیق کردی۔ آئمہ بیگ اور زین احمد نے گزشتہ برس اگست میں کینیڈا میں ایک نجی تقریب کے دوران شادی کی تھی۔ شادی کی تصاویر بھی آئمہ نے مداحوں کے ساتھ شیئر کی تھیں، جن پر جوڑے کو سوشل میڈیا پر خاصی پذیرائی ملی تھی۔ زین احمد کا تعلق ایک معروف خاندان سے ہے اور ان کے دادا مرزا غلام احمد تاریخ میں ایک نمایاں شخصیت کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ شادی سے قبل آئمہ اور زین ایک دوسرے کو ڈیٹ بھی کرتے رہے اور دونوں نے اپنے تعلق کا اظہار کھلے عام کیا تھا۔ تاہم کچھ عرصے سے ان کے درمیان مبینہ اختلافات اور ازدواجی زندگی میں کشیدگی کی قیاس آرائیاں سامنے آ رہی تھیں۔ آئمہ کی جانب سے مشکل وقت میں تنہا رہنے سے متعلق اشاروں اور چہرے پر چوٹ کی ایک تصویر شیئر کیے جانے کے بعد مداحوں نے بھی تشویش کا اظہار کیا تھا اور بعض نے خدشہ ظاہر کیا تھا کہ شاید گلوکارہ کو تشدد کا سامنا کرنا پڑا۔

ایمیشا پٹیل کے گھر سے لاکھوں کے زیورات چوری، ملازمہ گرفتار

ممبئی (شوبز ڈیسک) ممبئی میں بالی ووڈ اداکارہ ایمیشا پٹیل کے گھر سے مبینہ طور پر لاکھوں روپے مالیت کے زیورات چوری ہونے کا معاملہ سامنے آیا ہے، جس پر پولیس نے ایک گھریلو ملازمہ کو گرفتار کرلیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق تقریباً 5 لاکھ بھارتی روپے مالیت کے زیورات ایمیشا پٹیل کے چرچ گیٹ میں واقع گھر سے غائب ہوئے۔ اداکارہ کے والدین اس گھر میں رہتے ہیں، جبکہ پولیس نے چوری کے شبہے میں 40 سالہ سیما گھاٹے کو حراست میں لیا ہے۔ پولیس کے مطابق سیما گھاٹے تقریباً ڈیڑھ سال سے ایمیشا پٹیل کے والدین کے گھر میں ملازمت کر رہی تھی۔ اداکارہ کی والدہ آشا پٹیل کی شکایت پر میرین ڈرائیو پولیس نے معاملے کی تحقیقات شروع کیں۔ رپورٹس کے مطابق آشا پٹیل کو سیما گھاٹے پر زیورات غائب کرنے کا شبہ تھا اور وہ تقریباً 5 سے 6 ماہ تک مبینہ طور پر اس سے چوری کا اعتراف کرنے اور زیورات واپس کرنے کا مطالبہ کرتی رہیں

سلمان خان کو دہلی ہائی کورٹ سے کیس میں بڑا ریلیف مل گیا

بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان سے متعلق متنازع فلم 'کالا ہرن' کی ریلیز کا معاملہ ایک بار پھر عدالت پہنچ گیا، جہاں دہلی ہائی کورٹ نے فلم کو فی الحال سینما گھروں میں نمائش سے روک دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق عدالت میں گزشتہ روز ہونے والی سماعت کے دوران فلم کے پروڈیوسر امیت جانی کا بیان ریکارڈ کیا گیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ جب تک سینٹرل بورڈ آف فلم سرٹیفکیشن یعنی سی بی ایف سی کی جانب سے فلم کی منظوری کا معاملہ زیرالتوا ہے

جارج کلونی اور امل کے تعلقات میں مبینہ کشیدگی کا انکشاف

نیویارک (شوبز ڈیسک) ہالی ووڈ اداکار جارج کلونی اور ان کی اہلیہ امل کلونی کی ازدواجی زندگی کے حوالے سے ایک بار پھر مشکلات کی خبریں سامنے آئی ہیں۔ 12 سال سے ساتھ رہنے والے جوڑے کے تعلقات میں مبینہ تناؤ کی وجہ جارج کی پیشہ ورانہ مصروفیات اور مسلسل میڈیا توجہ کو قرار دیا جا رہا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق 65 سالہ جارج کلونی اپنے رشتے کو بہتر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ قریبی ذرائع کا دعویٰ ہے کہ امل کلونی نے مبینہ طور پر یہ بات کہی ہے کہ شادی سے پہلے ان کی زندگی زیادہ بہتر تھی۔ ذرائع کے مطابق امل کو شادی کے بعد مسلسل میڈیا کی توجہ اور شہرت کے باعث دباؤ کا سامنا ہے، جبکہ جارج کی اداکاری کے کیریئر میں غیر معمولی مصروفیت بھی دونوں کے درمیان توازن کو متاثر کر رہی ہے۔ جارج کے مصروف شیڈول کے باعث ان کے 9 سالہ جڑواں بچوں، ایلا اور الیگزینڈر کی زیادہ تر ذمے داری امل کے کندھوں پر آ گئی ہے۔ حال ہی میں جارج نے براڈوے کے ایک منصوبے پر انتہائی سخت محنت کی، جس کے بعد وہ شدید تھکن کا شکار ہوئے اور معمول کی زندگی کی طرف واپس آنے میں انہیں خاصا وقت لگا۔ رپورٹس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ دونوں کے درمیان کوئی بڑا جھگڑا نہیں ہوا، تاہم گزشتہ چند برسوں کے دوران کام میں غیر معمولی مصروف رہنے کی وجہ سے وہ ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے درمیان مناسب توازن قائم نہیں کر سکے۔

ہالی ووڈ اداکارہ لیڈی گاگا منگیتر کے بچے کی ماں بن گئیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ہالی ووڈ کی معروف گلوکارہ اور آسکر ایوارڈ یافتہ اداکارہ لیڈی گاگا اور ان کے منگیتر مائیکل پولانسکی کے ہاں پہلے بچے کی پیدائش ہوئی ہے۔ گلوکارہ نے اپریل 2024 میں مائیکل پولانسکی سے منگنی کی تھی۔ انہوں نے اس سے قبل بھی ماں بننے کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ 2025 میں ایک ٹی وی پروگرام کے دوران انہوں نے کہا تھا کہ وہ مستقبل میں ماں بننے کو اپنی زندگی کا اگلا بڑا کردار سمجھتی ہیں۔ مائیکل پولانسکی اور لیڈی گاگا ذاتی زندگی کے ساتھ پیشہ ورانہ طور پر بھی ایک دوسرے کے ساتھ کام کر چکے ہیں۔ پولانسکی نے لیڈی گاگا کے 2025 میں گریمی ایوارڈ جیتنے والے البم میہم میں بطور رائٹر بھی کام کیا۔

SHEHAR NAMA
شہرنامہ

کلاسیفائیڈ

مشتہرین حضرات متوجہ ہوں

☆ کلاسیفائیڈ اشتہار فی سطر 150 روپے کم از کم تین سطریں ہونی چاہیں

☆ تمام اشتہار نیک نیتی کے تحت شائع کئے جاتے ہیں

☆ اشتہارات کی بکنگ ہر روز کی جاتی ہے

☆ ادارہ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے یا اس کے تحت مالی ودیگر معاملات کا ذمہ دار نہیں ہوگا

رابطہ

فون: 051-224909
موبائل: 0333-5196088
Email:sheharnama@gmail.com

کلاسیفائڈ اشتہار

ضرورت ہے

کلفٹن بلاک 4 میں واقع بلڈنگ کیلئے مندرجہ ذیل اسٹاف درکار ہے کلینگ سپروائزر، سوئمنگ پول ٹرینر، لفٹ آپریٹر، الیکٹریشن رابطہ کریں۔
0300-3353555

اعلان

جوڑوں کا درد پہلی۔ خوراک پہلی خوراک میں ہی کنٹرول، اعصابی کمزوری، پھٹوں کا کھچاؤ، کمر درد، مہروں کا درد مستقل علاج کیلئے رابطہ حکیم۔ صاحب 0300-7536416

فوری ضرورت

کمپنی کو سول اور دیگر اداروں سے ریٹائرڈ حضرات کی ضرورت ہے کھانہ، رہائش بازمہ کمپنی ڈیوٹی 8 گھنٹے رابطہ کریں
0308-4966486

اعلان گمشدگی

میرے اصل کاغذات اور میری اصل دستاویزات جن میں شناختی کارڈ 4230117714567 یو بی ایل بینک کا کارڈ ڈرائیونگ لائسنس ISL-00130915، موٹر سائیکل کاغذات APF 2026 انجن نمبر SAE745944 چیسز نمبر SAC752241 میکر یونین سٹار 70 سی سی، 26/8/22 کو راولپنڈی کے علاقہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں دوران سفر کہیں گم ہو ہیں جس کسی کو ملیں درج۔ پتہ پر ارسال کریں محمد ارشاد ولد محمد محبوب سکنہ ڈاکخانہ خاص گھوڑا گلی تحصیل مری ضلع راولپنڈی

عدالتی نوٹس

حمیرا شاہین نے طلاق سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست دائر کر رکھی ہے اور وہ مقررہ تاریخ پر حاضر ہو رہی ہیں۔ فریق دوم طاہر القادری ولد پہلوان خان، سکنہ چوچ کال، ڈاکخانہ سہالہ، تحصیل و ضلع اسلام آباد اپنی مقررہ تاریخ پر حاضر نہیں ہوئے۔

لہٰذا آپ کو بذریعہ اشتہار عام اطلاع دی جاتی ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت کے بعد 5 یوم کے اندر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر اپنا بیان ریکارڈ کروائیں، بصورت دیگر کارروائی قانون کے مطابق عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر
چیئرمین ثالثی کونسل
یونین کونسل علی پور، اسلام آباد

بقیہ نمبر 1

کی ادائیگی کے دوران ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوئے تھے جو دوران علاج و معالجہ وفات پا گئے۔ جن کی نماز جنازہ میں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی، سینئر پولیس افسران اور دیگر پولیس افسران و جوانوں نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ٹریفک پولیس میں تعینات شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر مقصود علی خان کی نماز جنازہ پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سمیت سینئر پولیس افسران اور دیگر پولیس افسران و جوانوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر اسلام آباد پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید اے ایس آئی مقصود علی خان کو سلامی پیش کی۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے شہید کے جسد خاکی پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہید کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ شہید اے ایس آئی مقصود علی خان فرائض منصبی کی ادائیگی کے دوران ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوئے تھے اور دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے خالق حقیقی سے جا ملے۔ نماز جنازہ کے بعد شہید کی میت کو پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ تدفین کے لیے ان کے آبائی علاقے روانہ کر دیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ مقصود علی خان نے فرائض منصبی کی ادائیگی کے دوران اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، ان کی قربانی کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء اسلام آباد پولیس ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہید کے اہلخانہ کو کسی بھی موقع پر تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کی فلاح و بہبود، مسائل کے حل اور ہر ممکن معاونت کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو شہید کے خاندان کی ہر ممکن دیکھ بھال اور ادارے کی جانب سے تمام ضروری تعاون فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ نمبر 2

پروگرام، ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل محمد شکور سمیت صحافیوں کی بڑی تعداد میں شرکت، ہما اختر چغتائی ایم این اے اور رکن قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی امور نے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا، راجہ اسامہ سرور پارلیمانی سیکرٹری برائے دفاع اور ایم این اے ہما اختر چغتائی نے کہا کہ صحافت ملک کا چوتھا ستون ہے، ذمہ دار اور غیر جانبدار صحافت ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان مؤثر رابطے کا ذریعہ ہے، خبر کی صحت، تحقیق اور تصدیق کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے، صدر نیشنل پریس کلب عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ، فنانس سیکرٹری عابد عباسی نے کہا کہ جرنلسٹ فاؤنڈیشن کی صحافی برادری کے لئے کاوشیں قابل ستائش ہیں، جرنلسٹ فاؤنڈیشن کے ساتھ کھڑے ہیں، نیشنل پریس کلب جرنلسٹ فاؤنڈیشن کے ساتھ کھڑا ہے اور صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے ہونے والی مثبت کوششوں میں ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا، صدر جرنلسٹ فاؤنڈیشن زیڈ اے ملک، جنرل سیکرٹری رفاقت حسین نے کہا کہ صحافی برادری کے اجتماعی مسائل کے حل کیلئے تمام نمائندہ تنظیموں کو باہمی تعاون اور اتحاد کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔ تقریب سے، فرزانہ کوثر فوکل پرسن برائے وزیر اعظم یوتھ پروگرام، ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل محمد شکور، وقار فانی مغل و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ حلف برداری تقریب میں جرنلسٹ فاؤنڈیشن کے مرکزی صدر زیڈ اے ملک، رفاقت حسین جنرل سیکرٹری، ریاض اختر سینئر نائب صدر، سیف اللہ نائب صدر، عامر محبوب فنانس سیکرٹری، ضمیر محمد سینئر نائب صدر، حلیمہ گیلانی جوائنٹ سیکرٹری، قمر رشید جوائنٹ سیکرٹری، کوثر قریشی چیف کوآرڈینیٹر، ممبران گورننگ باڈی فائزہ شاہ، آغوش اعوان، خالد جمیل، صلاح الدین خان، رضوان ملک، محمد اخلاق، وقاص خالق، طاہر اقبال، محمد طفیل، عمر فاروق، یاسر حسین، نثار صائم، شہزاد اقیاز نے حلف اٹھایا۔

بقیہ نمبر 3

سکتا، آج یہاں ایم کیو ایم کے صرف ایک سیکٹر کی خواتین موجود ہیں، یہ وہ خواتین ہیں جنہوں نے مشکل حالات کے باوجود ایک دن بھی ایم کیو ایم کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ انہوں نے کہا کہ جب شہر کی گلیوں میں جبر کا راج تھا تو سب سے پہلے ایم کیو ایم کی خواتین سڑکوں پر نکلی تھیں، یہی خواتین پارٹی کی طاقت اور ہراول دستہ ہیں، پاکستان کی تاریخ میں نئے صوبوں کا مطالبہ سب سے پہلے ایم کیو ایم نے اٹھایا تھا، تاہم یہ مطالبہ صرف کراچی تک محدود نہیں ہے پورے ملک سے آواز بلند ہو رہی ہے۔

بقیہ نمبر 4

چوک، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول، ٹی ایچ کیو ہسپتال، سبزواری روڈ، پجاڑ چوک اور کشمیر روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کے اطراف سبزی و فروٹ کی گاڑیوں، ریڑھیوں اور رکشوں کی بھرمار دکھائی دیتی ہے۔ شہریوں کے مطابق شہر کے چاروں اطراف جانے والی اہم شاہراہوں پر گاڑیوں کی بے ہنگم پارکنگ اور تجاوزات کے باعث سڑکوں پر ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے، جبکہ رش کے اوقات میں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں نے متعلقہ انتظامیہ اور ٹریفک پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ سڑکوں سے تجاوزات اور غیر ضروری پارکنگ ختم کروا کر سبزی و فروٹ کی گاڑیوں کے لیے مناسب جگہ مختص کی جائے تاکہ ٹریفک کی روانی بہتر بنائی جا سکے

بقیہ نمبر 5

وہ والدین جو اپنے پیچھے نیک اولاد چھوڑ گئے۔ باپ اولاد کے سر کا تاج اور ماں کے پاؤں تلے جنت ہے۔ والدین کی جدائی کا غم اولاد کے دلوں میں تا حیات زندہ رہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پیر مولانا شیر محمد مغل نے قاضی نوید سرور اور قاضی نعیم سرور کے تایا نمبردار چیئرمین قاضی فضل حق کی محفل چہلم کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مولانا جمیل درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیک اولاد والدین کے دنیا سے کوچ کر جانے کے بعد ان کی یاد میں قرآن پاک پڑھ کر اللہ کی بارگاہ میں ان کی بخشش کے لیے دعا کرتی ہے، تاکہ اللہ کریم اپنی پاک کتاب کے صدقے ان کے والدین کی آخرت کی منزلیں آسان فرمائے※ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ خصوصی ہدیہ نعت بھی پیش کیا گیا۔ مولانا قاضی ظفر الحق نے ناظم اسٹیج کے فرائض سرانجام دیے۔ اس موقع پر۔ سابق صدر پریس کلب اڈیالہ محمد بشیر راجہ نے درود تاج شریف کا نذرانہ پیش کیا۔ مولانا قاضی ظفر الحق نے قاضی نوید سرور اور قاضی نعیم سرور کے تایا نمبردار چیئرمین قاضی فضل حق اور دیگر مرحومین کیلئے دعا مغفرت اور درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا اور ملک و قوم کی سلامتی امن و امان کی خصوصی دعا فرمائی

بقیہ نمبر 6

سیکرٹری دھنی پیر دربار کمیٹی) سمیت دیگر عہدیداران اور معززین بھی موجود تھے۔ اس بابرکت محفل میں سینکڑوں کی تعداد میں عقیدت مندوں، دوست احباب اور اہل علاقہ نے شرکت کی۔ VOH آفس سے دوپہر 12 بجے ایک عظیم الشان قافلے کی صورت میں روانگی ہوئی اور دربار شریف پہنچ کر محفل میلاد کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ محفل میں قاہر الحسن دھنیال (گولڈ میڈلسٹ) نے اپنی خوبصورت آواز میں نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی، جبکہ قاری فضل جلیل صاحب نے تلاوت کلام پاک کی سعادت حاصل کی۔ مولانا قاری رفاقت گوجر خان نے خوبصورت انداز میں نقابت کے فرائض سرانجام دیے اور سیرت طیبہ ﷺ کے موضوع پر ایمان افروز خطاب فرمایا۔ پاکستان اور آزاد کشمیر کے معروف نعت خواں حضرات نے بھی بارگاہ رسالت ﷺ میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے۔ آخر میں قاری محمد نزاکت تبسم ضیائی صاحب نے خصوصی دعا کروائی۔ چیئرمین کا خصوصی پیغام محفل کے اختتام پر مرکزی چیئرمین راجہ محمد ہارون دھنیال نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں سیرت طیبہ ﷺ کو اپنی زندگیوں میں اپنانا چاہیے، دوسروں کا خیال رکھنا چاہیے اور محبت، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہم زندہ ہیں، ان شاء اللہ میلاد مصطفیٰ ﷺ کی یہ بابرکت محفلیں اسی عقیدت و احترام کے ساتھ سجتی رہیں گی اور حضرت بابا دھنی پیر شہید سرکار رحمۃ اللہ علیہ کے دربار شریف پر میلاد مصطفیٰ ﷺ کا سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ نمبر 7

سرگرمیوں کو سراہا۔ اس شاندار ایونٹ کے انعقاد میں ترجمان پرائم منسٹر یوتھ پروگرام اور پیٹرن ان چیف اسلام آباد ہاکی ایسوسی ایشن سید ذیشان علی نقوی کا کلیدی کردار رہا۔ جس کا بنیادی مقصد اسلام آباد میں ہاکی کو فروغ دینا، گراؤنڈ لیول پر حقیقی معنوں میں کام کرنے والے کھلاڑیوں، کوچز اور ہاکی اکیڈمیوں کو نمایاں کرنا اور ہاکی کے فروغ کے لیے دیگر اداروں کی توجہ اور تعاون حاصل کرنا تھا۔ نمائشی میچ میں پرائم منسٹر یوتھ 11 نے اسلام آباد اسپورٹس بورڈ 11 کو 1-0 سے شکست دے کر کامیابی حاصل کی۔ میچ انتہائی پرجوش اور خوشگوار ماحول میں کھیلا گیا، جبکہ شائقین اور ہاکی سے وابستہ شخصیات نے کھلاڑیوں کو بھرپور داد دی۔ ایونٹ میں اسلام آباد کی مختلف گرلز ہاکی اکیڈمیوں اور کلبوں، بالخصوص اسلام آباد گرلز ہاکی اکیڈمیز، ہدف ہاکی کلب اینڈ اکیڈمی، راجہ عبدالقادر ہاکی کلب اینڈ اکیڈمی اور رائزنگ اسٹار ہاکی کلب اینڈ اکیڈمی سے وابستہ کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کی۔ اختتامی تقریب میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں اور آفیشلز میں ٹرافیز، میڈلز، شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ مہمان خصوصی رانا مشہود احمد خان اور صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن محی الدین احمد وانی نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کرتے ہوئے ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اسلام آباد ہاکی ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد میں گرلز ہاکی سمیت گراس روٹ لیول پر ہاکی کے فروغ کے لیے مزید ایسے ایونٹس منعقد کیے جائیں گے تاکہ نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر مواقع، پلیٹ فارم اور قومی سطح تک پہنچنے کا راستہ فراہم کیا جا سکے

بقیہ نمبر 8

مبارکباد دی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کے افسران کو اگلے عہدوں پر ترقیاں دی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں سینٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں ترقی پانے والے پولیس افسران کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی اور ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق نے ترقی پانے والے افسران کو انسپکٹر کے رینک لگائے۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد اور ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز نے ترقی پانے والے افسران کو مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی افسران کی محنت، قابلیت اور محکمانہ خدمات کا اعتراف ہے، تاہم نئے عہدے کے ساتھ ان کی ذمہ داریوں میں بھی مزید اضافہ ہوا ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے ترقی پانے والے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں محنت، دیانتداری، فرض شناسی اور لگن کے ساتھ انجام دیں اور اپنے فرائض میں قانون کی بالادستی اور میرٹ کو ہمیشہ مقدم رکھیں۔ انہوں نے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، شائستگی اور پیشہ ورانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے ان کے مسائل کے بروقت حل اور بہترین پولیس سروسز کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور انہیں انصاف کی بروقت فراہمی اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے اس امید کا اظہار کیا کہ ترقی پانے والے افسران اپنی نئی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرتے ہوئے اسلام آباد پولیس کی کارکردگی، سروس ڈیلیوری اور محکمانہ نیک نامی میں مزید بہتری لانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 9

محمد خورشید اور ثاقب بشیر کو الیکشن بورڈ کا رکن نامزد کیا گیا ہے۔ جرنلسٹس پینل کی جانب سے پریس کلب کی تمام 17 نشستوں پر امیدوار میدان میں اتارنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ پینل کے قائد خان لیاقت علی نے کہا کہ ان شاء اللہ جرنلسٹس پینل انتخابات میں تاریخی کامیابی حاصل کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پینل نے ہمیشہ صحافیوں کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی صحافتی برادری کی بہتری کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گا۔ انتخابات کے اعلان کے ساتھ ہی پریس کلب کی صحافتی برادری میں انتخابی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی ہے، امیدواروں کی جانب سے رابطوں، مشاورت اور حمایت حاصل کرنے کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیاسی، سماجی، صحافتی شخصیات، سول سوسائٹی اور شہریوں کی نظریں بھی انتخابی سرگرمیوں پر مرکوز ہیں

بقیہ نمبر 10

دیا ہے۔ اس خصوصی مہم کا مقصد اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ کے اطراف غیر قانونی، غیر مجاز اور نان کنفرمنگ تعمیرات کو قانون کے دائرے میں لانا، بلڈنگ بائی لاز پر یکساں عملدرآمد یقینی بنانا، سرکاری ریونیو کا تحفظ اور شہریوں کو محفوظ، منظم اور معیاری شہری سہولیات کی فراہمی ہے۔ یہ کارروائی اسلام آباد کی منصوبہ بندی، تعمیراتی نظم و ضبط اور محفوظ شہری ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے سی ڈی اے کی پالیسی کا اہم حصہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق، مہم کے دوران اب تک 50 سے زائد خلاف ورزی کرنے والے تعمیراتی یونٹس کے خلاف قابل اطلاق بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز کے تحت کارروائی عمل میں لائی جا چکی ہے۔ ان میں سوہان تا اقبال ٹاؤن کی جانب 34 تعمیراتی یونٹس جبکہ کورال برج تا کورال پولیس اسٹیشن اور گلبرگ گرینز کی جانب 24 تعمیراتی یونٹس شامل ہیں۔ مزید برآں، تعمیراتی یونٹس کو قانونی کارروائی کے لیے نشان زد کر دیا گیا ہے، جبکہ باقی علاقے کا سروے اور خلاف ورزیوں کی نشاندہی کا عمل تاحال جاری ہے۔ سی ڈی اے حکام کے مطابق، سیل کی گئی کمرشل عمارتوں میں بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزیاں، نان کنفرمنگ یوز اور فائر سیفٹی کے مطلوبہ انتظامات کی عدم موجودگی جیسے معاملات سامنے آئے۔ کارروائی سے قبل متعلقہ مالکان اور افراد کو قانون کے مطابق نوٹسز جاری کیے گئے اور انہیں بلڈنگ بائی لاز پر عملدرآمد، غیر مجاز استعمال کی اصلاح، فائر سیفٹی انتظامات کی تکمیل اور اپنی تعمیرات کو ریگولرائز کروانے کے لیے مناسب مہلت فراہم کی گئی۔ انہیں قابل اطلاق قوانین کے تحت واجبات کی ادائیگی اور مطلوبہ منظوریوں کے حصول کے لیے بھی بارہا آگاہ کیا گیا۔ سی ڈی اے کی جانب سے جاری کردہ نوٹسز میں دی گئی مہلت ختم ہونے کے باوجود متعدد مالکان اور متعلقہ افراد نے قانونی تقاضے پورے نہیں کیے، نہ ہی مطلوبہ واجبات ادا کیے اور نہ ہی خلاف ورزیوں کا ازالہ کیا۔ چنانچہ مقررہ قانونی طریقہ کار کے مطابق ان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ سی ڈی اے انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ کسی بھی تعمیراتی یونٹ کے خلاف کارروائی قانون، دستیاب ریکارڈ اور متعلقہ بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز کی بنیاد پر کی جائے گی۔ سی ڈی اے کے مطابق اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ کے اطراف موجود غیر قانونی اور نان کنفرمنگ کمرشل تعمیرات سے سرکاری ریونیو کے تحفظ، تعمیراتی نظم و ضبط اور شہریوں کی حفاظت کے حوالے سے اہم مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ متعدد یونٹس میں بلڈنگ پلان کی منظوری، ریگولرائزیشن فیس اور دیگر قابل اطلاق سرکاری واجبات کی ادائیگی کے معاملات بھی سامنے آئے ہیں۔ اس کے علاوہ، کمرشل عمارتوں میں فائر سیفٹی کے مطلوبہ انتظامات نہ ہونے سے شہریوں، کاروباری افراد اور عمارتوں میں موجود افراد کی جان و مال کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ سی ڈی اے نے اس امر پر زور دیا ہے کہ فائر سیفٹی محض ایک قانونی تقاضا نہیں بلکہ شہریوں کی زندگیوں کے تحفظ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اس لیے کمرشل عمارتوں میں منظور شدہ بلڈنگ پلان، محفوظ استعمال، ایمرجنسی راستوں، فائر سیفٹی آلات اور دیگر ضروری حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانا ناگزیر ہے۔ متعلقہ شعبہ جات کی جانب سے ان تقاضوں کی تکمیل اور قانونی منظوریوں کے حصول کے لیے مقررہ طریقہ کار کے مطابق رہنمائی بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ سی ڈی اے نے شہریوں، کاروباری افراد اور تعمیراتی یونٹس کے مالکان سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی عمارتوں اور کمرشل یونٹس کے بلڈنگ پلان، استعمال، تعمیراتی اجازت ناموں اور فائر سیفٹی انتظامات کا فوری جائزہ لیں۔ جہاں ضروری ہو، سی ڈی اے کے متعلقہ شعبہ جات سے قانونی منظوری، ریگولرائزیشن اور دیگر مطلوبہ اجازت نامے حاصل کریں اور سرکاری واجبات کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں*سی ڈی اے نے واضح کیا کہ قانون پر عملدرآمد، سرکاری ریونیو کا تحفظ، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور اسلام آباد کو ایک منظم، محفوظ اور خوبصورت وفاقی دارالحکومت کے طور پر برقرار رکھنا ادارے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے غیر قانونی تعمیرات اور بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں متعلقہ قوانین کے تحت بلاامتیاز جاری رہیں گی* ام آباد، 13 ستمبر 2026ء※ کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے اسلام آباد ایکسپریس وے کے دونوں اطراف تجاوزات، غیر قانونی و غیر مجاز تعمیرات کے خاتمے، بلڈنگ بائی لاز پر عملدرآمد، سرکاری واجبات کی وصولی اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے بھرپور آپریشن شروع کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں شعبہ بلڈنگ کنٹرول (بی سی ایس) اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ سی ڈی اے نے ضلعی انتظامیہ اور اسلام آباد پولیس کے تعاون سے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ کے اطراف تعمیراتی یونٹس کے خلاف سیلنگ اور ریگولرائزیشن مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ اس خصوصی مہم کا مقصد اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ کے اطراف غیر قانونی، غیر مجاز اور نان کنفرمنگ تعمیرات کو قانون کے دائرے میں لانا، بلڈنگ بائی لاز پر یکساں عملدرآمد یقینی بنانا، سرکاری ریونیو کا تحفظ اور شہریوں کو محفوظ، منظم اور معیاری شہری سہولیات کی فراہمی ہے۔ یہ کارروائی اسلام آباد کی منصوبہ بندی، تعمیراتی نظم وضبط اور محفوظ شہری ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے سی ڈی اے کی پالیسی کا اہم حصہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق، مہم کے دوران اب تک 50 سے زائد خلاف ورزی کرنے والے تعمیراتی یونٹس کے خلاف قابل اطلاق بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز کے تحت کارروائی عمل میں لائی جا چکی ہے۔ ان میں سوہان تا اقبال ٹاؤن کی جانب 34 تعمیراتی یونٹس جبکہ کورال برج تا کورال پولیس اسٹیشن اور گلبرگ گرینز کی جانب 24 تعمیراتی یونٹس شامل ہیں۔ مزید برآں، تعمیراتی یونٹس کو قانونی کارروائی کے لیے نشان زد کر دیا گیا ہے، جبکہ باقی علاقے کا سروے اور خلاف ورزیوں کی نشاندہی کا عمل تاحال جاری ہے۔ سی ڈی اے حکام کے مطابق، سیل کی گئی کمرشل عمارتوں میں بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزیاں، نان کنفرمنگ یوز اور فائر سیفٹی کے مطلوبہ انتظامات کی عدم موجودگی جیسے معاملات سامنے آئے۔ کارروائی سے قبل متعلقہ مالکان اور افراد کو قانون کے مطابق نوٹسز جاری کیے گئے اور انہیں بلڈنگ بائی لاز پر عملدرآمد، غیر مجاز استعمال کی اصلاح، فائر سیفٹی انتظامات کی تکمیل اور اپنی تعمیرات کو ریگولرائز کروانے کے لیے مناسب مہلت فراہم کی گئی۔ انہیں قابل اطلاق قوانین کے تحت واجبات کی ادائیگی اور مطلوبہ منظوریوں کے حصول کے لیے بھی بارہا آگاہ کیا گیا۔ سی ڈی اے کی جانب سے جاری کردہ نوٹسز میں دی گئی مہلت ختم ہونے کے باوجود متعدد مالکان اور متعلقہ افراد نے قانونی تقاضے پورے نہیں کیے، نہ ہی مطلوبہ واجبات ادا کیے اور نہ ہی خلاف ورزیوں کا ازالہ کیا۔ چنانچہ مقررہ قانونی طریقہ کار کے مطابق ان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ سی ڈی اے انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ کسی بھی تعمیراتی یونٹ کے خلاف کارروائی قانون، دستیاب ریکارڈ اور متعلقہ بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز کی بنیاد پر کی جائے گی۔ سی ڈی اے کے مطابق اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ کے اطراف موجود غیر قانونی اور نان کنفرمنگ کمرشل تعمیرات سے سرکاری ریونیو کے تحفظ، تعمیراتی نظم و ضبط اور شہریوں کی حفاظت کے حوالے سے اہم مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ متعدد یونٹس میں بلڈنگ پلان کی منظوری، ریگولرائزیشن فیس اور دیگر قابل اطلاق سرکاری واجبات کی ادائیگی کے معاملات بھی سامنے آئے ہیں۔ اس کے علاوہ، کمرشل عمارتوں میں فائر سیفٹی کے مطلوبہ انتظامات نہ ہونے سے شہریوں، کاروباری افراد اور عمارتوں میں موجود افراد کی جان و مال کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ سی ڈی اے نے اس امر پر زور دیا ہے کہ فائر سیفٹی محض ایک قانونی تقاضا نہیں بلکہ شہریوں کی زندگیوں کے تحفظ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اس لیے کمرشل عمارتوں میں منظور شدہ بلڈنگ پلان، محفوظ استعمال، ایمرجنسی راستوں، فائر سیفٹی آلات اور دیگر ضروری حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانا ناگزیر ہے۔ متعلقہ شعبہ جات کی جانب سے ان تقاضوں کی تکمیل اور قانونی منظوریوں کے حصول کے لیے مقررہ طریقہ کار کے مطابق رہنمائی بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ سی ڈی اے نے شہریوں، کاروباری افراد اور تعمیراتی یونٹس کے مالکان سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی عمارتوں اور کمرشل یونٹس کے بلڈنگ پلان، استعمال، تعمیراتی اجازت ناموں اور فائر سیفٹی انتظامات کا فوری جائزہ لیں۔ جہاں ضروری ہو، سی ڈی اے کے متعلقہ شعبہ جات سے قانونی منظوری، ریگولرائزیشن اور دیگر مطلوبہ اجازت نامے حاصل کریں اور سرکاری واجبات کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں۔ سی ڈی اے نے واضح کیا کہ قانون پر عملدرآمد، سرکاری ریونیو کا تحفظ، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور اسلام آباد کو ایک منظم، محفوظ اور خوبصورت وفاقی دارالحکومت کے طور پر برقرار رکھنا ادارے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے غیر قانونی تعمیرات اور بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں متعلقہ قوانین کے تحت بلاامتیاز جاری رہیں گی

بقیہ نمبر 11

اس موقع پر شرکاء دھرنا اور میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کہا حکومت نے ڈھٹائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 13 روپے فی لیٹر پیٹرول میں اضافہ کیا ہے، ہم اس کی شدید مذمت کرتے ہیں، عالمی مارکیٹ میں اتار چڑھاؤ اپنی جگہ لیکن لیوی بھتہ ٹیکس کا کوئی جواز نہیں ہے، پیٹرول کی قیمت سے اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے، اگر مہنگائی ہوتی ہے تو کسی ایک پارٹی کے ورکر کے لیے نہیں بلکہ 25 کروڑ عوام کے لیے ہوتی ہے، پٹرولیم لیوی عوام پر مسلط کیا گیا ظالمانہ بھتہ ٹیکس ہے، حکومت فوری طور پر پٹرولیم لیوی ختم کرے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کر کے عوام کو ریلیف دے، اگر حکومت نے لیوی ختم نہ کی اور تیل کی قیمتیں کم نہ کیں تو عوامی احتجاج اور دھرنا "حکومت گراؤ، انقلاب لاؤ" تحریک میں تبدیل ہو جائے گا، پٹرولیم لیوی کا بوجھ براہ راست عام آدمی پر پڑتا ہے۔ پٹرول مہنگا ہونے سے ٹرانسپورٹ، اشیائے خورد و نوش، زراعت اور روزمرہ استعمال کی ہر چیز کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کہتی ہے کہ آئی ایم ایف نے برباد کر دیا، ہم کشکول توڑ دیں گے لیکن اقتدار میں آتے ہیں ہی آئی ایم ایف سے رابطے شروع ہو جاتے ہیں، انہوں نے کہا جماعت اسلامی راولپنڈی نے بھی بھتہ لیوی کے خلاف عوام سے رجوع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جماعت اسلامی کی پیٹرول لیوی بھتہ کے خلاف عوامی جدوجہد، احتجاج اور ملک بھر میں دھرنے جاری ہیں اور آج لیاقت باغ کی تاریخی مقام پر احتجاجی دھرنے کا آغاز کر دیا گیا ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن جب اسلام آباد کی کال دیں گے تو اہلیان راولپنڈی اور ملک کے ہر حصے سے عوام ڈی چوک پہنچیں گے، اقبال خان نے کہا حکمران نوشتہ دیوار پڑھ لیں، 24 دنوں سے پاکستان کے 32 شہروں میں دھرنے دیے جا رہے ہیں، بڑھتی ہوئی مہنگائی سے ہر فرد پریشان ہے، گھروں کا کرایہ ادا کیا جائے یا بچوں کی اسکول کی فیس، حکومت نے تاجروں کو بھی نہیں چھوڑا انہیں بھی تباہ کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 12

کیا گیا کہ 20 ستمبر کو لیاقت باغ راولپنڈی سے اسلام آباد کی جانب مارچ کا باقاعدہ آغاز ہوگا۔ مارچ کے روٹ اور جلسہ گاہ کے مقام کا حتمی اعلان منگل کو کیا جائے گا۔ اجلاس میں مارچ کو کامیاب بنانے کے لیے انتظامی و تنظیمی امور کا بھی جائزہ لیا گیا

بقیہ نمبر 13

کھوپڑی کی ہڈی ٹوٹنے اور دماغ کو شدید نقصان پہنچنے کی تصدیق ہوئی ہے۔ رپورٹ میں چہرے کی دائیں جانب گال کی ہڈی کے قریب نیل جبکہ دائیں کان کے بیرونی اور پچھلے حصے پر پھٹا ہوا زخم بھی درج کیا گیا ہے۔ میڈیکولیگل رائے کے مطابق زخم لگنے اور موت کے درمیان ممکنہ وقفہ تقریباً آدھا گھنٹہ جبکہ موت اور پوسٹ مارٹم کے درمیان تقریباً 20 گھنٹے کا وقفہ بتایا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق جسم سے حاصل کیے گئے مختلف نمونے PFSA اور متعلقہ لیبارٹریز کو بھجوا دیے گئے ہیں، جن کی رپورٹس کی روشنی میں حتمی وجہ موت کا تعین کیا جائے گا۔ ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے ایس ایچ او گوجر خان کو واقعے کی مکمل چھان بین، سرچنگ اور ممکنہ ملزمان کو جلد ٹریس کرنے کی ہدایت کی ہے، جبکہ پولیس واقعے کے تمام پہلوؤں سے تفتیش جاری رکھے ہوئے ہے۔ دوسری جانب لواحقین کی جانب سے بعض معاملات پر تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے اور ذرائع کے مطابق وہ تفتیش کے بعض پہلوؤں سے مطمئن نہیں۔ لواحقین کا کہنا ہے کہ وہ اپنے تحفظات کے حوالے سے جلد مزید تفصیلات سامنے لائیں گے

بقیہ نمبر 14

بکریاں چرانے کے تنازع پر دو کمسن بچوں کے قتل کے اندوہناک واقعے میں تھانہ ناران پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تمام نامزد ملزمان کو گرفتار کر لیا، تفصیلات کے مطابق مورخہ 10 ستمبر 2026 کو رشید ولد حیدر زمان عمر 14 سال اور عبدالرحمن ولد جمال عمر 12 سال ساکنان ہری پور حال رہائی ماہلی ناران بکریاں چرا رہے تھے کہ مبینہ طور پر ملزمان نے دونوں بچوں کو قتل کر دیا واقعے کی اطلاع پر تھانہ ناران میں نامزد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان کے سخت احکامات پر ڈی ایس پی پارس صداقت نثار ایس ایچ او تھانہ ناران راجہ ساجد اور دیگر پولیس افسران و اہلکاروں پر مشتمل خصوصی ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے واقعے میں ملوث تمام نامزد ملزمان کو قانون کے شکنجے میں لے لیا جس کے نتیجے میں مسکین ولد اکبر سکنہ رہائی مالی ڈنہ ناران کو باقاعدہ گرفتار کر لیا گیا جبکہ دیگر ملزمان بھٹو رنگین اور عالمزیب عدالت سے ضمانت قبل از گرفتاری حاصل کر چکے ہیں جبکہ واقعے کی مزید تفتیش کا عمل تیزی سے جاری ہے

بقیہ نمبر 15

سلیم سوانی اور کمال سلیم سوانی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے 27 ستمبر کو اسلام آباد جانے کا عہد کرتے ہوئے کہا کہ ہم قیادت کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہر قربانی کے لیے تیار ہیں 27 ستمبر کو اسلام آباد میں دمادم مست قلندر ہو گا اور کارکنان ایسا احتجاج کریں گے کہ حکومت کے در و دیوار ہل کر رہ جائیں گے

بقیہ نمبر 16

ایرانی صدر نے کہا کہ خطے کے ممالک ہمارے بھائی ہیں، یہ امریکا ہے جو ہمارے خطے میں داخل ہوا ہے، دوست پڑوسی ممالک کو اپنی سرزمین سے ایران پر حملوں کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے تمام ممالک سے خوشگوار تعلقات چاہتے ہیں لیکن امریکا ایسا ہونے نہیں دینا چاہتا، امریکا خطے کے پٹرولیم ذخائر کو اپنے استعمال میں لانا چاہتا ہے اور اپنے ہتھیار اور میزائل فروخت کر کے خطے کا امن و استحکام تباہ کرنا چاہتا ہے۔ ایرانی صدر نے تجویز دی کہ علاقائی سیکیورٹی کے لیے خطے کے ممالک کو خود مل کر کام کرنا چاہیے۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ پاکستان دوست ہمسایہ ملک ہے جس نے امن کے لیے بہت مدد کی، قطر نے بھی مدد کی، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے بعد بھی ہم سے دوبارہ مذاکرات کا مطالبہ سمجھ سے باہر ہے، مفاہمتی یادداشت میں ہم نے امریکی پابندیاں ختم ہونے کا لکھا تھا جو انہیں ختم کرنی ہوں گی۔ انٹرویو کے دوران ایرانی صدر نے کہا کہ جنگ ہم نے شروع نہیں کی تھی، جارحیت امریکا کو ہی ختم کرنا ہوگی، جوہری معاملات کے لیے ہمیں بیٹھ کر بات کرنی تھی، اس کے لیے ہم تیار ہیں، امریکا سے براہ راست مذاکرات سے متعلق ہم کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ امریکا نے ایرانی عوام کے دلوں میں بسنے والے رہنما کا قتل کیا ہے جو کبھی نہیں بھلایا جا سکتا، امریکا پہلے دن سے ہماری حکومت گرانا چاہتا ہے۔ سعودی عرب اور حوثیوں کے تنازع پر بات کرتے ہوئے ایرانی صدر نے کہا کہ ہماری سعودی عرب سے جنگ نہیں، حوثیوں کے اپنے مسائل ہیں۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ خطے کے امن و استحکام کے لیے خطے کے تمام ممالک کو مل بیٹھ کر کام کرنا چاہیے، جب یورپی ممالک ایک ساتھ مل کر اپنی سیکیورٹی اور تجارت کے لیے قوانین بنا سکتے ہیں تو ہم کیوں نہیں۔ ایران کے موجودہ سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے سپریم لیڈر زندہ ہیں اور پہلے کی طرح نظام کے اندر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، دشمن ان کے ٹھکانے کا سراغ لگانے میں ناکام رہا اسی لیے مختلف قیاس آرائیاں کر رہا ہے، دشمن ہمارے نئے سپریم لیڈر کو بھی نقصان پہنچانا چاہتا ہے۔

بقیہ نمبر 17

پاکستان عوامی قوت کے منشور میں تعلیم، ٹیکنالوجی و انوویشن، صحت، روزگار، ویمن ایمپاورمنٹ اور کشمیر کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کر کے باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی میں پاکستان عوامی قوت کے تین ونگز کے نو منتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان نو منتخب عہدیداران میں صدر پنجاب شعبہ خواتین عاصمہ بٹ، صدر راولپنڈی ڈویژن نبیلہ فرغانی، صدر وکلاء ونگ راولپنڈی ڈویژن راجہ شفقت محبوب ایڈووکیٹ شامل تھے۔ سینٹرل کمیٹی کے ارکان۔ دیگر عہدیداران اور کارکنان کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جبکہ میزبانی کے فرائض ملک اعجاز تحسین سیکرٹری جنرل نے انجام دیے۔ عاصمہ اسماعیل بصدر پنجاب شعبہ خواتین پاکستان عوامی قوت نے اپنے خطاب میں کہا کہ خاقان وحید خواجہ کی شخصیت نے پہلی ملاقات ہی میں انہیں متاثر کیا۔ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ان کی خدمات بے لوث ہیں، اسی جذبے اور ان کے وژن سے متاثر ہو کر انہوں نے پاکستان عوامی قوت میں شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ خاقان وحید خواجہ کے ساتھ مل کر عوام کی خدمت کریں گی اور عوامی خدمت کے اس مشن کو بھرپور انداز میں آگے بڑھائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے زندگی میں کبھی شارٹ کٹ اختیار نہیں کیا، خاقان وحید خواجہ کو اللہ تعالیٰ نے صلاحیتوں سے نوازا ہے، ہم سب ان کے بازو بنیں گے اور ان کے اعتماد پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔ عاصمہ بٹ نے کہا کہ وہ خاقان وحید خواجہ کی امیدوں پر پورا اترنے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گی اور ان کے وژن اور عوامی خدمت کو مزید آگے بڑھائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عوامی قوت کے پلیٹ فارم پر تعلیم، صحت اور بنیادی حقوق سمیت عوامی مسائل کے حل کا واضح وژن موجود ہے۔ عاصمہ بٹ نے کہا کہ آج وہ فخر کے ساتھ بتا رہی ہیں کہ وہ کس سیاسی جماعت کے ساتھ کھڑی ہیں۔ لائرز ونگ راولپنڈی ڈویژن کے صدر راجہ شفقت محبوب ایڈووکیٹ نے کہا کہ پاکستان عوامی قوت ایک ایسے نظام کے قیام کی جدوجہد کر رہی ہے جس میں عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی حقوق اور بہتر مستقبل کو ترجیح حاصل ہو۔ میڈم نبیلہ فرغانی نے کہا کہ خاقان وحید خواجہ کے ارادے مضبوط ہیں اور ہم سب ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ عوامی قوت کے منشور اور پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے لیے وہ اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ نامور صحافی ملک شکیل اعوان نے کہا کہ ہم اپنی آئندہ نسل کے لیے کام کریں گے اور ملک کے یوتھ کو سنواریں گے۔ تقریب میں تینوں شعبوں کے نو منتخب عہدیداران کو تقرری کے لیٹر دیے گئے جبکہ پارٹی پرچم بھی پہنائے گئے۔ پارٹی کے جنرل سیکرٹری ملک اعجاز حسین نے تینوں شعبوں کے نو منتخب عہدیداران سے حلف بھی لیا۔ تقریب میں مختلف شعبوں کے نامور شخصیات نے بھی شرکت کی۔ آخر میں تمام شرکاء کے لیے ظہرانے کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 18

ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ 14 ستمبر کو اسلام آباد سرکل میں صبح 7 بجے سے صبح 11 بجے تک بائی وے، ضیاء مسجد، اقبال ٹاؤن جبکہ صبح 8 بجے سے دوپہر 12 بجے تک نسل فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل میں صبح 6 بجے سے صبح 10 بجے تک امیر حمزہ، ایچ پی ٹی، آفیسر کالونی، آئی 14/3، لکھو روڈ، رینج روڈ، سیہام، چکرہ، ڈھوک سلیمان فیڈرز، اٹک سرکل میں صبح 6 بجے سے صبح 10 بجے تک اٹک رورل، تین میلہ، باغ نیلاب، قاضی آباد جبکہ صبح 6 بجے سے دوپہر 12 بجے تک حسین آباد فیڈرز، جہلم سرکل میں صبح 6 بجے سے صبح 11 بجے تک کریالہ، میٹرو سٹی، گرینڈ سٹی، بولانی، منڈی بہلوال، شمسی آباد، فتح پور، ملٹری کالج، چیراں فیڈرز، چکوال سرکل میں صبح 6 بجے سے صبح 10 بجے تک خانپور فیڈر، جی ایس او سرکل میں صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک 132 کے وی اے ڈبلیو سی ایچ ایم سی ٹیکسلا اور 132 کے وی سنگجانی بربان جبکہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک 132 کے وی تیوواہ بہتر موڑ اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 19

دکانیں، 23 ہوٹل، 240 موٹر سائیکلوں اور 75 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 12 مشکوک افراد اور 21 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومبنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومبنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشنز کے دوران 329 افراد، 104 گھروں، 28 دکانیں، 23 ہوٹل، 240 موٹر سائیکلوں اور 75 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 12 مشکوک افراد اور 21 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ مزید براں غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے مختلف بور کے دو پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد کئے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کا کہنا ہے کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر 20

میں مختلف جگہوں پر چار بڑی سکرین بھی نصب کی گئیں، منہاج یوتھ لیگ اور مصطفوی سٹوڈنٹس موومنٹ نوجوانوں نے پارکنگ، سیکورٹی، سٹالز اور دیگر انتظامی امور کو انتہائی مہارت سے نبھایا، چار گھنٹے کے طویل پروگرام میں شرکاء جم کر بیٹھے رہے، کانفرنس ابتداء سے اختتام تک تنظیمی نظم کا شاہکار تھی، لوگوں کا ذوق و شوق دیدنی تھا، سینکڑوں گھرانے بچوں سمیت آئے، پنڈال میں تشریف لانے پر چیئرمین سپریم کونسل تحریک منہاج القرآن، ڈاکٹر حسن محی الدین قادری، کا شاندار استقبال کیا گیا، شہر کے نامور قراء اور معروف نعت خوانوں نے بارگاہ خداوندی اور رسالت مآب میں گل ہائے عقیدت پیش لئے، ڈاکٹر حسن محی الدین قادری نے سیرت پاک کے ایک گوشے ساعت رسول ﷺ بارے فکر انگیز خطاب کیا، ان کا کہنا تھا کہ رسول پاک ﷺ بہترین سامع تھے، ہر ایک کی بات پوری توجہ سے سنتے اور ان کے مسائل حل فرماتے، منافقین اس کا ناجائز فائدہ اٹھاتے، جھوٹی، من گھڑت باتیں سنا کر رسول پاک کا وقت برباد کرتے مگر آپ ﷺ انہیں بھی کبھی نہ دھتکارا، وہ محروم طبقات جن کو کوئی سننا گوارا نہ کرتا، رسول کریم ﷺ انہیں سب سے زیادہ وقت دیتے، انسانوں سے سنا جائے، دوسروں کی بات نہ سننے کی وجہ سے آج ہمارا معاشرہ بہت سے معاشرتی مسائل کا شکار ہو چکا ہے، کانفرنس میں جگر گوشہ حضور پیر مہر علی شاہ پیر سید جنید الحق گیلانی، پیر محمد سعد الرحمن نقشبندی مجددی، سجادہ نشین آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف، سید منیر حیدر شاہ نقوی، علامہ محمود احمد تبسم، ڈاکٹر فیصل اقبال خان، راجہ زاہد محمود، نائب ناظمین اعلیٰ ڈاکٹر محمد رفیق نجم، نور اللہ صدیقی، کرنل (ر) خالد جاوید، ناظم اعلیٰ نظام المدارس پاکستان ڈاکٹر میر محمد آصف اکبر قادری، صدر منہاج القرآن راولپنڈی ڈویژن انار خان گوندل، ضلعی صدر اجمل محمود قادری، صدر پاکستان عوامی تحریک راولپنڈی غلام علی خان، محمد شعیب اعوان، سردار عمر دراز خان، قاضی شفیق※ ملک طاہر ڈاکٹر بدیع الزمان، علامہ ہارون عباسی الازہری، ابرار رضا ایڈووکیٹ، ڈاکٹر میر اشتیاق ایڈووکیٹ، علامہ حافظ اقبال رضوی، فواد بٹ، ملک ساجد، شیخ اعظم خورشید، شہزاد ولاور، انجم پرویز بھٹی، طارق راجپوت جرال، شرجیل میر، عبدالقادر میر چوہدری نیاز، رانا وحید شہزاد، ڈاکٹر عمران یونس، شیخ فرحان عزیز، پیر سید اسد گیلانی سمیت علماء و مشائخ، قراء و نعت خواں حضرات اور عاشقان رسول ﷺ (مرد و خواتین) نے بڑی تعداد میں شرکت کی، ڈاکٹر حسن محی الدین قادری نے مزید کہا کہ موجودہ دور میں ایک دوسرے کی نہ سننے کی وجہ سے آپس میں دوریاں بڑھ رہی ہیں، محبتیں دم توڑ رہی ہیں، نفرتیں پروان چڑھ رہی ہیں اور خاندانی نظام بکھر رہا ہے، معاشرے کو ایک مصطفوی معاشرہ بنانے کیلئے ہم سب کو سیرت پاک اس رخ کو اپنانا ہوگا، ہر شعبہ ہائے زندگی میں مکالمے کو فروغ دینا ہوگا اور ایک دوسرے کی غلطیاں، کوتاہیاں معاف کرنا ہوں گی۔ آخر میں جگر گوشہ حضور پیر مہر علی شاہ پیر سید جنید الحق گیلانی نے صدارتی کلمات ادا کئے اور پیر محمد سعد الرحمن نقشبندی مجددی، سجادہ نشین آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف نے دعا فرمائی

بقیہ نمبر 21

ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کے مختلف تھانہ جات میں درج مقدمات میں اشتہاری قرار دیئے گئے ملزمان کو پولیس گرفتار نہ کر سکے شہریوں کے مطابق سوشل میڈیا پر اسلام آباد پولیس کی تشہیر تو موجود ہے لیکن عملی طور پر کوئی کارروائی عمل میں نہ لائی جاتی ہے ایک شہری نے شہرنامہ نیوز کو بتایا کہ اس ملزم کے خلاف مقدمہ درج کروایا جس کے بعد اشتہاری قرار دیا گیا لیکن آئے روز تھانہ جانے کے باوجود تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے اشتہاری ملزم کو گرفتار نہ کر سکی

بقیہ نمبر 22

میں اضافے سے فضائی آلودگی کے ذرات کے بہتر اخراج اور پھیلاؤ میں مدد ملے گی، جس کے باعث دن کے دوران ایئر کوالٹی میں مزید بہتری کی توقع ہے۔ اس وقت لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 135 ریکارڈ کیا گیا ہے، جس میں مزید کمی کا امکان ہے۔ جنوب مشرق سے مشرق اور مشرق سے مغرب کی جانب چلنے والی ہوائیں لاہور کی فضا میں آلودگی کے ارتکاز کو کم کرنے کے لیے سازگار قرار دی جا رہی ہیں۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر فضائی آلودگی کے خلاف اقدامات بھی جاری ہیں۔ 10 ستمبر کو پنجاب بھر میں ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف 1290 انسپکشنز کیے گئے اور 123 یونٹس و مقامات کو سیل کر دیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران 11 بھٹیاں مسمار، 8 مقدمات درج اور 31 لاکھ 90 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے۔ اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف کارروائی میں 473 بھٹوں کی چیکنگ کی گئی، جبکہ 2 بھٹے سیل اور 7 مقدمات درج کیے گئے۔ صنعتی آلودگی کے خلاف کارروائی میں 259 صنعتی یونٹس کی چیکنگ کے بعد 19 یونٹس سیل اور 19 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ ریسٹورنٹس میں دھوئیں کے اخراج کی روک تھام کے لیے سکشن ہڈ کے ضابطہ کار پر عملدرآمد کے سلسلے میں 289 مقامات کی چیکنگ اور 94 مقامات کو سیل کیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ پنجاب میں صاف ہوا کی فراہمی کے لیے نگرانی، مؤثر نفاذ اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی اقدامات جاری ہیں، آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 23

کے ہر حرف کی تلاوت پر دس نیکیاں ملتی ہیں ان خیالات کا اظہار واثق قیوم عباسی سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی نے حاجی راجہ شہزاد کے صاحبزادے حافظ ارسام شہزاد جنجوعہ کو مدرسہ بیت اسلام (اسلام آباد) میں قرآن پاک کی تکمیل کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کیا ان کے ہمراہ سیاسی و سماجی شخصیت گورکھپور راجہ انتخاب آصف بھی موجود تھے۔ حافظ ارسام شہزاد جنجوعہ نے کہا کہ اللہ کا خاص کرم ہے والدین کی دعائیں اور اساتذہ کرام کی محنت کا صلہ ہے کہ الحمدللہ آج میں نے قرآن پاک حفظ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 24

گاڑیوں کی معلومات فراہم کرنے کے حوالے سے تعاون پر صوبوں کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ نمبر 25

تقریب ہوئی جس میں اے سی سی کے صدر محسن نقوی اسٹیج پر موجود تھے۔ تاہم بھارتی ٹیم ڈریسنگ روم کے باہر دائرہ بنا کر موجود رہی اور گراؤنڈ میں نہیں آئی جس کے باعث بھارتی ٹیم کے بغیر ہی تقریب مکمل ہوئی اور بھارتی ویمنز ٹیم نے ٹرافی وصول نہیں کی جس پر ٹرافی اے سی سی نے رکھ لی۔ اے سی سی ذرائع نے واضح کیا ہے کہ اگر فاتح ٹیم نے ٹرافی وصول کرنی ہے تو محسن نقوی سے ہی وصول کرے گی۔ دوسری جانب سری لنکا ویمن ٹیم کی کپتان چماری اتاپتو نے چیئرمین اے سی سی محسن نقوی سے رنرز اپ انعام وصول کر لیا۔ ذرائع اے سی سی کا کہنا ہے کہ ٹرافی دینے کا پروٹوکول مکمل طور پر طے تھا، ٹرافی فاتح بھارتی ٹیم کو دینے کے لیے دستیاب تھی، بھارتی ٹیم نے ٹرافی وصول نہ کرنے کا فیصلہ خود کیا، صرف وصولی کا انتظار ہے۔ بھارتی ٹیم کے اس طرز عمل کے بعد محسن نقوی نے اپنے پرانے اصولی مؤقف کے تحت ٹرافی اپنے پاس رکھ لی۔ ذرائع کے مطابق محسن نقوی اپنے مؤقف سے پہلے بھی ایک انچ پیچھے نہیں ہٹے تھے اور آج بھی اپنے اسی مؤقف پر قائم ہیں، جس کے تحت کرکٹ کے معاملات کو سیاسی تنازعات سے الگ رکھتے ہوئے کھیل اور اس کی روایات کو مقدم رکھا جانا چاہیے۔ کرکٹ کے حلقوں میں بھارتی ٹیم کے اس رویے کو اسپورٹس مین اسپرٹ کے حوالے سے بھی تنقید کا سامنا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بھارتی ویمنز ٹیم کا یہ طرز عمل ایک سال کے دوران دوسری مرتبہ سامنے آیا ہے، جب کسی بڑے کرکٹ ایونٹ میں فاتح بھارتی ٹیم نے ٹرافی دینے والے ایشین کرکٹ کونسل کے چیئرمین سے ٹرافی وصول کرنے سے گریز کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ سال کی بھارتی ٹیم کی ٹرافی بھی اب تک دستیاب ہے اور صرف اس کی وصولی کا انتظار ہے۔ اے سی سی ذرائع کا کہنا ہے کہ بھارتی ٹیم کے اس فیصلے کے باوجود ایشین کرکٹ کونسل کے مؤقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی اور کرکٹ کو کھیل ہی کے طور پر آگے بڑھانے کی پالیسی برقرار ہے۔ ویمنز ایشیا کپ کے فائنل میں بھارتی ٹیم کی کامیابی کے بعد ٹرافی کی تقریب کو اس لیے بھی غیر معمولی اہمیت حاصل ہوگئی کہ ایک بار پھر کرکٹ کے میدان میں کھیل سے ہٹ کر سیاسی اختلافات کے اثرات نمایاں نظر آئے۔

بقیہ نمبر 26

بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی سے متعلق حافظ نعیم الرحمان کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہیں اور ان کی پریس کانفرنس کو خوش آئند سمجھتا ہوں اور ہم نے ہمیشہ سے ان کے احتجاج کا ساتھ دیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان کی بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ پیٹرولیم لیوی ختم کرنے، عوام کو ریلیف دینے کے لیے نکلے ہوئے ہیں اور ہم ان کے دھرنے کی حمایت کرتے ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ ایسے اقدامات کریں جس سے عوام کو ریلیف ملے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں حافظ نعیم الرحمان اور جماعت اسلامی کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ ہمارے انصاف کے لیے ہونے والے لانگ مارچ میں ہمارا ساتھ دیں اور باضابطہ طور پر ان کو دعوت دوں گا۔ دوسری جانب جماعت اسلامی کے پیٹرولیم لیوی اور مہنگائی کیخلاف ملک گیر دھرنوں کا 29 واں روز ہے، لاہور، کراچی، پشاور، راولپنڈی، ہری پور اور سوات سمیت 35 سے زائد مقامات پر دھرنے اور احتجاجی کیمپ جاری ہیں، جبکہ 20 ستمبر کے اسلام آباد لانگ مارچ کی تیاریاں بھی جاری ہیں

بقیہ نمبر 27

پڑے گا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پٹرولیم لیوی کے خلاف ہماری جدوجہد، لانگ مارچ اور دھرنے لیوی کے مکمل خاتمے تک جاری رہیں گے، وزیر اعظم کی اسکیم کا جائزہ لے کر آج رات موقف دیں گے۔

بقیہ نمبر 28

امدادی کارروائیوں کو بھرپور انداز میں سراہا ہے۔

بقیہ نمبر 29

بند کیا گیا ہے، یہ سائٹس تمام سماجی رابطوں کی میڈیا پلیٹ فارمز پر تھیں۔ سیکریٹری داخلہ بلوچستان نے بتایا کہ ریاست مخالف بیانیے کی سائٹس کو بند کرنے کی شرح 4.81 فیصد رہی ہے۔

بقیہ نمبر 30

سعودی عرب پر حوثیوں کی جانب سے حالیہ حملوں، بالخصوص سعودی عرب کے شہری اور اقتصادی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی شدید مذمت کا اعادہ کیا۔ وزیر اعظم نے سعودی قیادت اور برادر سعودی عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حوثیوں کی حالیہ کارروائیاں علاقائی امن و سلامتی کے لیے خطرہ ہیں اور عالمی معیشت اور توانائی کی فراہمی میں مزید خلل کا باعث بن سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 31

شہری اپنے موبائل میسج میں آر ای جی، شناختی کارڈ نمبر، گاڑی رجسٹرڈ نمبر، صوبے کا نام اور رجسٹریشن کی تاریخ لکھ کر 9771 پر بھیج دیں۔ موبائل پر رجسٹریشن مکمل ہونے پر تصدیق کا پیغام ملے گا، پیٹرول پمپ جانے سے پہلے 9771 پر tok/لکھ کر میسج بھیج دیں، اس کے بعد ٹوکن نمبر وصول ہوگا، اس کے بعد آپ ٹوکن نمبر پیٹرول پمپ پر دکھا کر پیٹرول حاصل کرنے کا میسج ملے گا۔ میسج کے بعد پیٹرول کی مقدار اور استعمال کرنے کی مدت ہوگی تو پھر پیٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پیٹرول حاصل کر سکتے ہیں

بقیہ نمبر 32

مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا کہ نئے صوبوں کے پراجیکٹ پر مبینہ طور پر مسلم لیگ ن سے گفتگو ہوئی ہوگی، اگر پراجیکٹ بنانے والوں نے ن لیگ سے بات کی اور ہم نے اسے متعارف نہیں کروایا تو لٹھ لے کر کھڑے نہیں ہو سکتے۔

بقیہ نمبر 33

عرصے سے کشیدہ ہیں، جبکہ علی امین گنڈاپور نے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کا فون نمبر بھی بلاک کر رکھا ہے۔ قومی اسمبلی کے رکن فیصل امین گنڈاپور نے ڈی آئی خان کے فنڈز روکے جانے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی آخری ریلیز، جس کی مجموعی مالیت 43 ارب روپے تھی، میں ڈی آئی خان کو صرف 8 کروڑ روپے دیے گئے۔

بقیہ نمبر 34

بننے کا خدشہ ظاہر کرتے ہوئے اس پر عمل درآمد کم از کم یکم اکتوبر تک مؤخر کرنے کی سفارش کر دی۔ ذرائع کے مطابق بارڈر ہیلتھ سروسز پاکستان کی جانب سے کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بین الاقوامی مسافروں کے لیے ڈیجیٹل ویکسینیشن سرٹیفکیٹ کا پہلا مرحلہ شروع کیا جا رہا ہے، تاہم پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے نئی پالیسی کے لیے مزید تیاری اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطے کی ضرورت پر زور دیا ہے

بقیہ نمبر 35

واٹ نئی پیداواری صلاحیت شامل کرنے کی تجویز ہے، جس میں 17 ہزار 485 میگاواٹ کمٹڈ اور 8 ہزار 560 میگاواٹ آپٹیمائزڈ صلاحیت شامل ہوگی جبکہ 2 ہزار 577 میگاواٹ پرانی پیداواری صلاحیت ریٹائر کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ نیپرا کا کہنا ہے کہ 2035 تک ملک کی مجموعی نصب شدہ پیداواری صلاحیت 62 ہزار 657 میگاواٹ تک پہنچنے کا امکان ہے جبکہ منصوبے میں 8 ہزار 120 میگاواٹ نیٹ میٹرنگ بھی شامل ہے۔ منصوبے کے تحت اضافی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت پر 47 ارب ڈالر سے زائد لاگت متوقع ہے جبکہ ٹرانسمیشن منصوبوں کے لیے 10 ارب 65 کروڑ ڈالر درکار ہوں گے۔ ٹرانسمیشن نظام کی مضبوطی اور نئے گرڈ اسٹیشنز بھی منصوبے کا حصہ ہیں۔ نیپرا کے مطابق گوادر اور مکران کے لیے 40 میگاواٹ پاور پلانٹ کی گنجائش جبکہ دھابیجی میں 269 میگاواٹ ونڈ سولر ہائبرڈ منصوبہ بھی آئی ایس پی میں شامل کیا گیا ہے۔ نیپرا نے 90 کروڑ ڈالر کے بیٹری انرجی اسٹوریج منصوبے کی منظوری نہیں دی اور نیپرا کے مطابق بیٹری اسٹوریج منصوبوں کے لیے جامع تکنیکی اور معاشی مطالعہ ضروری ہے۔ نیپرا ارکان نے انڈیپینڈنٹ سسٹم مارکیٹ آپریٹر کی جانب سے بڑے منصوبوں کی شمولیت اور اخراج پر سوالات بھی اٹھائے اور قومی توانائی منصوبہ بندی میں مشترکہ مفادات کونسل (سی سی آئی) کو نظرانداز کرنے پر بھی تحفظات کا اظہار کیا اور کہا کہ قومی بجلی پالیسی میں تبدیلی مشترکہ مفادات کونسل کی منظوری کے بغیر نہیں ہو سکتی۔

بقیہ نمبر 36

کے سیکرٹری جنرل و چیئرمین ایوارڈز کمیٹی پیر سید سہیل بخاری نے کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ نامور قوال معروف نعت خواں نذرانہ عقیدت پیش کریں گے شرکاء کیلئے لنگر کا وسیع انتظام کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 37

اکسانے یا ترغیب دینے پر بھی پابندی عائد ہوگی۔ مزید بتایا گیا کہ پابندی کا اطلاق شادی کی تقریبات، نماز جنازہ، تدفین، مساجد و دیگر عبادت گاہوں پر نہیں ہوگا، اسی طرح عدالتیں، حکومتی ادارے اور باضابطہ اجازت سے ہونے والی تقریبات پابندی سے مستثنیٰ ہوں گی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق پابندی کا اطلاق ڈیوٹی پر تعینات قانون نافذ کرنے والے اداروں، انٹیلیجنس ایجنسیوں اور سیکیورٹی اہلکاروں پر نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 38

میزائل تقریباً 250 کلومیٹر تک پرواز کرنے کے بعد سمندر میں جا گرے۔ جنوبی کورین خبر ایجنسی کے مطابق یہ میزائل ایسے وقت میں فائر کیے گئے جب حال ہی میں جنوبی کوریا، امریکا اور جاپان نے مشترکہ فوجی مشقیں مکمل کی ہیں جن کا مقصد شمالی کوریا کے ممکنہ خطرات سے نمٹنا تھا

بقیہ نمبر 39

میاں محمد اسلم، ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے آج رات بٹ خیلہ اور تیمر گرہ میں عوامی جلسوں سے خطاب کا اعلان کیا اور کہا کہ ملک بھر کے 36 شہروں میں جماعت اسلامی کے دھرنے جاری ہیں اور ہر گزرتے دن کے ساتھ ان میں عوام کی شرکت بڑھ رہی ہے، راولپنڈی اور اسلام آباد میں خواتین کے بڑے پروگرام ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے پٹرولیم لیوی کو بھتہ ٹیکس قرار دیا ہے اور حکومت کو ہر صورت یہ لیوی ختم کرنا ہوگی۔ پٹرولیم لیوی کا پٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، بلکہ ایک مافیائی نظام کے تحت چند افراد کو فائدہ پہنچانے کے لیے عوام پر ظلم کیا جا رہا ہے۔ حکومت کے پاس ان سوالات کا جواب موجود ہے۔ انہوں نے شاہد خاقان عباسی سمیت تمام اپوزیشن رہنماؤں کا احتجاج کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ملک میں ایک ایلیٹ گروپ (Elite Group) عوام کو لوٹ رہا ہے۔ شوگر مافیا پہلے چینی برآمد کر کے مصنوعی قلت پیدا کرتا ہے اور پھر خود ہی اسے درآمد کرتا ہے۔ اسی طرح کسان سے گندم 2200 سے 2500 روپے من خریدی گئی، لیکن بعد میں یہی گندم 4000 سے 5000 روپے من تک فروخت ہوئی۔ ان تمام چکر بازیوں میں ایک ہی مافیا ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آئی پی پیز کے معاہدے قوم کے سامنے لے آئے جائیں تو پوری قوم حکمرانوں پر انگلیاں اٹھانا شروع کر دے گی۔ حالات چاہے جیسے بھی ہوں، عوام کے بجلی کے بلوں میں کپیسٹی چارجز شامل کر کے وصول کیے جا رہے ہیں، اس معاملے میں مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف سب شامل ہیں اور عوام کے مسائل پر یہ جماعتیں اس لیے نہیں بولتیں کہ مافیا کے لوگ ان کے اندر موجود ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ملک بھر میں ایلیٹ کلاس کے لیے کلبز قائم ہیں جو انگریزوں کے دور سے چلے آ رہے ہیں۔ حکومت ان کلبز کی زمینوں، ٹیکس ادائیگیوں اور دیگر معاملات کا فرانزک آڈٹ (Forensic Audit) کرائے۔ ایک مخصوص طبقہ عوام پر مسلط ہے اور ان کی قسمت کے فیصلے کرتا ہے، جب تک مافیا ختم نہیں ہوں گے ملک کے مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جماعت اسلامی نے حکومت کو پٹرولیم لیوی ختم کرنے کے لیے مناسب تجاویز دی ہیں۔ شرح سود ساڑھے 11 فیصد سے تین فیصد کم کر دی جائے تو ملک کے سترہ سو ارب روپے بچائے جا سکتے ہیں۔ حکومت بینک مافیا کو سپورٹ کر رہی ہے، وزیر اعظم شہباز شریف بتائیں کہ شرح سود کم کیوں نہیں کی جاتی۔ پاکستان میں بینک مافیا اور بدترین سرمایہ دارانہ نظام موجود ہے۔ سٹیٹ بینک کے حوالے سے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ اسے خود مختار ادارہ کہا جاتا ہے لیکن یہ بھی بتایا جائے کہ وہاں تقرریاں کون کرتا ہے۔ اگر سٹیٹ بینک ریاست کے اندر ریاست بن جائے تو یہ پاکستان کے لیے سکیورٹی رسک (Security Risk) ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے حکمرانوں سے سوال کیا کہ وہ 1300 سی سی گاڑیاں کیوں استعمال نہیں کرتے، کیا 1300 سی سی گاڑی میں کوئی کانٹے لگے ہوئے ہیں؟ تنخواہ دار طبقے سے ٹیکس لیا جا رہا ہے لیکن جاگیرداروں سے نہیں لیا جاتا۔ ایکس ریفائنری قیمت میں بہت سی ایسی چیزیں شامل ہیں جنہیں کم کیا جا سکتا ہے، حکومت مزید مذاکرات کرنا چاہتی ہے تو کر لے، مذاکرات کے نام پر ٹال مٹول قبول نہیں، جماعت اسلامی کسی صورت اپنے مطالبات سے دستبردار نہیں ہوگی، اسلام آباد مارچ کو غیر جمہوری ہتھکنڈوں سے روکا گیا تو حکومت خود مشکل میں پڑ جائے گی، عوام کنٹرول میں نہیں رہیں گے، حالات کی ذمہ دار حکومت ہوگی

بقیہ نمبر 40

نے کہا کہ میرے مخالف میری مخالفت نہیں کریں گے تو پھر وہ مخالف نہیں رہیں گے، جمہوریت کی تاریخ اٹھالیں مخالفت ہوگی مجھے کبھی گمان نہیں کہ میرے مخالف میری تائید کریں گے۔ مرتضیٰ وہاب نے وفاقی وزیر کو کہا کہ مصطفیٰ کمال کسی ٹھنڈے کمرے میں بیٹھتے ہیں میں تو آج بھی فیلڈ میں گراؤنڈ میں ہوں، کراچی والے بوری بند ہڑتالوں تشدد والا کراچی نہیں چاہتے، میں نے معصومانہ سوال کیا تھا کہ پیسے کب منظور کرائے؟ مگر مصطفیٰ کمال اتنے غصے میں آ جاتے ہیں مصطفیٰ کمال وزیر صحت ہیں اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ میئر کراچی نے کہا کہ مجھے الطاف حسین کی پپی والی ویڈیو نہیں چاہیے مجھے کاغذات دکھائیں ابھی ٹویٹ کریں کاغذ بتائیں کہ تین سو ارب کب کونسل سے منظور کرائے؟ انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ وسیم اختر اور مرتضیٰ وہاب میں فرق ہے، اب پہیہ جام نہیں ہوگا پہیہ چلے گا۔

بقیہ نمبر 41

میں کامیاب ہوگئی ہیں اور دیگر ممکنہ زندہ بچ جانے والوں کی تلاش جاری ہے۔ سرچ اینڈ ریسکیو ایجنسی کے مطابق جہاز گزشتہ روز مشرقی جاوا کے شہر سورابایا سے روانہ ہوا تھا، جس میں 243 افراد سوار تھے اور عملے کے 30 ارکان بھی شامل تھے۔ ریسکیو سینٹر میں مسافر ریٹنو اراہاب نے بتایا کہ انہوں نے جہاز الٹنے کے بعد ریلنگ کو مضبوطی سے پکڑ لیا، پھر جب حادثے کا شکار جہاز پانی میں ہچکولے کھا رہا تھا تو وہ اس کے نسبتاً اونچے حصے تک پہنچنے میں کامیاب ہو گیا۔

بقیہ نمبر 42

کو متوقع احتجاج اور لانگ مارچ کو روکنے کی حکمت عملی کا حصہ ہیں

کیپشن۔۔۔ پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ کے ہمراہ نومنتخب عہدیداران وومن

شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر مقصود علی خان کی نماز جنازہ ادا

ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوئے اور بعدازاں دوران علاج وفات پا گئے

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کے شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر مقصود علی خان کی نماز جنازہ پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں ادا کر دی گئی۔ شہید مقصود علی خان فرائض منصبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ایم کیو ایم کا نئے صوبوں کے قیام کیلئے سڑکوں پر آنے کا اعلان

پہلے مرحلے میں ضلع وسطی کراچی میں احتجاج اور ریلی کا انعقاد کیا جائے گا، جب تک ایک بھی مہاجر زندہ ہے سندھو دیش نہیں بن سکتا

کراچی ہی نہیں بلکہ لاہور، پشاور، ملتان اور لاڑکانہ سمیت دیگر شہروں میں بھی نئے صوبوں کی بات کی جائے گی، خالد مقبول صدیقی

کراچی (بیورو رپورٹ) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے کو عملی شکل دینے کے لیے سڑکوں پر آنے کا اعلان کر دیا اور کہا ہے کہ اب ایوانوں اور سیاسی فورمز پر بات کرنے کے بعد سڑکوں پر اپنی طاقت دکھانے کا وقت آ گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیو کراچی میں ایم کیو ایم پاکستان کے خواتین کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں ضلع وسطی کراچی میں احتجاج اور ریلی کا انعقاد کیا جائے گا، جب تک ایک بھی مہاجر زندہ ہے سندھو دیش نہیں بن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

کہوٹہ تجاوزات اور سبزی فروٹ کی گاڑیوں کی بھرمار

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) کہوٹہ شہر میں تجاوزات، ریڑھیوں، رکشہ اسٹینڈز اور سڑکوں پر کھڑی سبزی و فروٹ کی گاڑیوں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے لگی ہے۔ مٹور چوک، گھڑی چوک، کلب لائن، کلر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

والدین کی جدائی کا غم اولاد کے دلوں میں تا حیات زندہ رہتا ہے، پیر مولانا شیر محمد مغل

اڈیالہ (نامہ نگار) حضور کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا، آپ صرف انسانوں ہی کیلئے نہیں بلکہ چرند، پرند اور جانوروں کیلئے بھی رحمت بن کر تشریف لائے۔ نیک اولاد والدین کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ خوش بخت ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

بابا دھنی پیر شہید سرکارؒ دربار میں محفلِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

ہمیں سیرتِ طیبہ کو اپنی زندگیوں میں اپنانا چاہیے، ہارون دھنیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیر معظم شاہ المعروف حضرت بابا دھنی پیر شہید سرکار رحمۃ اللہ علیہ کے دربارِ شریف، موڑی سیداں میں ایک عظیم الشان اور بابرکت محفلِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔ یہ روحانی محفل مرکزی چیئرمین دھنی پیر شہید سرکار دربار کمیٹی، راجہ محمد ہارون دھنیال اور وائس چیئرمین راجہ کامران عابد دھنیال کی زیرِ صدارت منعقد ہوئی۔ اس موقع پر مرکزی جنرل سیکرٹری نمبردار راجہ صغیر دھنیال، راجہ ممتاز حیدر دھنیال (مرکزی صدر تحصیل کہوٹہ)، راجہ مبشر سرور (مرکزی میڈیا کوآرڈینیٹر) اور راجہ عمر حیات دھنیال (مرکزی رابطہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اڈیالہ، قاضی نوید، نعیم سرور کے تایا نمبردار قاضی فضل حق کی محفل چہلم سے پیر مولانا شیر مغل و دیگر خطاب کر رہے ہیں

سوکھتے دریا، بنجر کھیت اور غذائی قحط کی دستک!

سوکھتے دریا، بڑھتی آبادی اور کم ہوتی خوراک کیا پاکستان قحط کے دہانے پر کھڑا ہے؟

غذائی بحران آبی قلت، موسمیاتی تبدیلی اور معاشی بدحالی نے خطرے کی گھنٹی بجا دی

کھیت بنجر، دریا خشک، منڈیاں مہنگی، پانی ختم، زمین تھک گئی، حکمتِ عملی غائب پاکستان کے لیے بڑا انتباہ

حط صرف بارشوں کی کمی نہیں، پالیسیوں کی ناکامی اور حکمت عملی کا نہ ہونا اور عدم توجہی کا بھی نتیجہ ہوتے ہیں

تاریخ بتاتی ھے جب قومیں پانی کھو دیتی ہیں تو روٹی بھی انکے ہاتھ سے نکل جاتی ہے سوکھتے آبی ذخائر اور بڑھتی مہنگائی؛ غذائی سلامتی کو سنگین خطرات لاحق

زرعی زمینوں پر کنکریٹ کے جنگل، مستقبل کی بھوک کا پیش خیمہ دریاؤں سے ایوانوں تک بحران ہی بحران؛ سیاسی جماعتیں نورا کشتی میں مصروف

چینی آٹے پانی، روٹی گیس بجلی تیل پٹرول ڈیزل کا بحران بھوک کا طوفان بے حسی دیکھیئے ایوان خاموش

خشک سالی، مہنگائی، حکومتی غفلت؛ خطرناک مثلث قوم کو کہاں لے جا رہی ہے آج دریا سوکھ رہے کل دسترخوان خالی ہونگے

عباس مہد نوجوان قلمکار کے فکر انگیز کالم نے سولات کھڑے کر دیئے

باد سحر

عباس مہد

انسانوں کی تاریخ، قومی معیشتوں کے ارتقاء اور ریاستوں کے عروج و زوال کے صحائف کا اگر ایک عمیق، سائنسی اور تحلیلی نظر سے مطالعہ کیا جائے، تو یہ تلخ حقیقت کھلی کتاب کی طرح سامنے آتی ہے کہ قحط محض بارشوں کا رک جانا یا زمین کا بنجر ہو جانا نہیں ہوتا۔ قحط دراصل کسی قوم کی فکر، اس کی پالیسی سازی، اس کے معاشی عدل اور اس کے طرزِ حکمرانی کی اخلاقی و انتظامی تنزلی کا حتمی، منطقی اور بھیانک نتیجہ ہوتا ہے۔ جب کوئی ریاست اپنے قدرتی وسائل، آبی ذخائر اور معاشی انصاف کے بنیادی اصولوں سے مجرمانہ غفلت برتنے لگتی ہے، تو قدرت کا قانونِ مکافاتِ عمل حرکت میں آتا ہے اور غلہ اگانے والی زرخیز دھرتی بنجر صحراؤں میں تبدیل ہونے لگتی ہے۔ آج اگر ہم پاکستان کے موجودہ سیاسی، معاشی اور ماحولیاتی منظرنامے کا ایک غیر جانبدارانہ اور تزویراتی جائزہ لیں، تو یہ انتباہ کسی مفروضے کی حد تک محدود نہیں رہتا بلکہ ایک خونخوار حقیقت بن کر سامنے کھڑا نظر آتا ہے کہ اگر ہم نے اپنے معاشی رویوں اور ریاستی ترجیحات کو فوری نہ بدلا، تو اس مملکتِ خداداد میں ایک ہمہ گیر، تباہ کن اور ناقابلِ تلافی قحط کا بستر بچھنے والا ہے۔ اس ابھرتے ہوئے معاشی اور انسانی بحران کا سب سے پہلا اور بنیادی ساخت جاتی ستون ہمارے "آبی وسائل کا تیزی سے خستہ حال ہونا اور زراعت کا ساخت جاتی انہدام" ہے۔ پاکستان کی مجموعی قومی پیداوار، صنعتی خام مال، روزگار اور غذائی خودانحصاری کی تمام تر عمارت زرعی شعبے کی پائیداری پر استوار ہے۔ لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ ہم نے گزشتہ سات دہائیوں میں اپنے دریاؤں، ندی نالوں اور زیرِ زمین پانی کے نایاب ذخائر کا جس بے دردی اور غیر سائنسی انداز سے استحصال کیا ہے، اس کی مثال تیار پذیر معیشتوں میں کم ہی ملتی ہے۔ ہم نے نہ تو وقت پر معتبر آبی ذخائر اور ڈیم تعمیر کیے اور نہ ہی پانی کی منصفانہ تقسیم، تحفظ اور بچت کے لیے جدید ترین زرعی ٹیکنالوجی کو اپنایا۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے ملک میں فی کس پانی کی دستیابی ایک خطرناک اور بحرانی حد تک گر چکی ہے۔ ہمارے ندی نالے اور نہریں سوکھ رہی ہیں، اور زیر زمین پانی کی سطح اتنی نیچے چلی گئی ہے کہ ٹیوب ویل بھی ناکارہ ہوتے جا رہے ہیں۔ جب کسان کو اپنی فصلوں کے لیے وقت پر پانی میسر نہیں ہوگا، جب کپاس، گندم، چاول اور گنے کی کاشت کے لیے سیراب زمینیں میسر نہیں ہوں گی، تو قومی سطح پر غلہ اور بنیادی خوراک کی شدید قلت کا پیدا ہونا ایک قدرتی اور حتمی نتیجہ ہے۔ اس تزویراتی المیے کا دوسرا اور انتہائی معنوی پہلو "موسمیاتی تبدیلی کا بے رحم تازیانہ اور ماحولیاتی غفلت" ہے۔ ہم اکیسویں صدی کے اس نازک موڑ پر دنیا کے ان چند حساس ترین اور غیر محفوظ ممالک میں شامل ہیں جو موسمیاتی تبدیلیوں کے بھیانک اثرات سے براہِ راست متاثر ہو رہے ہیں۔ کبھی ہمارے ہاں سیلابوں کی صورت میں وہ تباہی مچتی ہے جو تیار فصلوں، مویشیوں اور دیہاتی معیشت کے بنیادی ڈھانچے کو بہا کر لے جاتی ہے، تو کبھی طویل اور بے رحم خشکسالی ہمارے کھیتوں کو جلا کر راکھ کر دیتی ہے۔ ہم اپنے جنگلات کو کلہاڑیوں کی نذر کر رہے ہیں، زرخیز زرعی زمینوں کو بلڈوز کر کے وہاں کنکریٹ کی غیر پیداواری ہاؤسنگ سکیمیں اور تجارتی مراکز ی ہب قائم کر رہے ہیں، اور قدرت کے متوازن ماحولیاتی نظام کو زہر آلود کر رہے ہیں۔ جب زرخیز زرعی رقبہ روز بروز سکڑتا چلا جائے گا اور آبادی میں بے ہنگم و غیر متوازن اضافہ ہوتا رہے گا، تو آنے والے کل میں قوم کے نونہالوں کا پیٹ بھرنے کے لیے روٹی کا ایک ٹکڑا بھی میسر نہیں ہوگا۔ یہ وہ غذائی و ماحولیاتی قحط ہوگا جس کے سامنے دنیا کی تمام مادی پیش رفت اور کاغذی دعوے دم توڑ دیں گے۔ تزویراتی اور معاشی افق پر ابھرتا ہوا ایک اور انتہائی سنگین اور پیچیدہ خطرہ ہماری "مالیاتی بدحالی، ناہمواری اور درآمد شدہ خوراک پر اندھا انحصار" ہے۔ ایک دور تھا جب پاکستان دنیا بھر میں زرعی اجناس برآمد کرنے کے لیے جانا جاتا تھا، لیکن آج ہماری معاشی بدحالی اور ناقص پالیسیوں کا یہ عالم ہے کہ ہم اپنی بنیادی ضروریات یعنی گندم، دالیں، چینی، اور چائے جیسی اشیاء بھی دوسرے ممالک سے اربوں ڈالر کا زرِ مبادلہ خرچ کر کے منگوانے پر مجبور ہیں۔ جب ملک کے پاس غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر نہ ہونے کے برابر ہوں، جب روپے کی قدر مسلسل گر رہی ہو اور ہم بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے سودی قرضوں کی دلدل میں گردن تک دھنس چکے ہوں، تو ایسے میں عالمی منڈی سے مہنگی خوراک خریدنا ہماری مالیاتی صلاحیت سے باہر ہوتا چلا جائے گا۔ یہ محض ایک زرعی قحط نہیں ہوگا بلکہ ایک ہولناک "مالیاتی و تجارتی قحط" ہوگا جہاں منڈیوں میں سامان تو موجود ہوگا مگر عام شہری کی جیب میں اسے خریدنے کی قوت بالکلیہ ختم ہو چکی ہوگی۔ اس تمام تر المیے کا سب سے خوفناک، معنوی اور زہریلا روپ "اخلاقی، آئینی و حاکمیت کا قحط" ہے۔ کسی بھی ملک میں واقعی قحط اس وقت آتا ہے جب اس کے حکمرانوں، پالیسی سازوں اور مقتدر اشرافیہ کے دلوں سے احساسِ ذمہ داری، عدل اور قوم کی دردمندی کا جذبہ رخصت ہو جائے۔ ہماری حکمران اشرافیہ سیاسی کھینچ تان، اینٹ پتھر کی غیر پیداواری تعمیرات اور اپنے ذاتی مفادات کے تحفظ میں اس قدر اندھی ہو چکی ہے کہ انہیں آئندہ چند سالوں میں جنم لینے والے اس غذائی اور آبی طوفان کی کوئی پرواہ نہیں۔ ہماری معاشی شریانوں میں ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ، اور ناجائز منافع خوری کا ایک ایسا بے لگام نظام سرا سر سرائیت کر چکا ہے جو غریب کے منہ سے نوالہ چھیننے کو اپنی معاشی کامیابی سمجھتا ہے۔ جب انصاف، رحم دلی، اور اجتماعی بیداری کا قحط پڑ جائے تو پھر غذا، پانی اور سکون کا قحط خود بخود قوموں کا مقدر بن جاتا ہے۔ "قحط پڑنے والا ہے" کا یہ تجزیاتی انتباہ محض ایک لفظی ڈراوا نہیں بلکہ ہمارے سامنے موجود حقائق کا آفاقی آئینہ ہے۔ اگر ہم نے اب بھی بیداری کا ثبوت نہ دیا، اگر ہم نے ایمرجنسی بنیادوں پر نئے آبی ذخائر نہ بنائے، زرعی زمینوں کی کاروباری مقاصد کے لیے تباہی کو نہ روکا، کسان کو اس کی محنت کا پورا حق نہ دیا، اور اپنے اخلاقی و معاشی نظام میں عدل کو قائم نہ کیا، تو تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی۔ وقت کا حتمی تقاضا ہے کہ ریاست کے ایوانوں سے لے کر عوام کی گلیوں تک، تمام طبقات مل کر ایک انقلابی، سائنسی اور مساوی معاشی و زرعی روڈ میپ تیار کریں۔ اس سے پہلے کہ ہماری خشکسالی اور پالیسی سازوں کی نادانی سے ہماری اگلی نسلیں بھوک اور پیاس سے بلبلا اٹھیں، ہمیں اپنے رویوں کو بدلنا ہوگا اور اس دھرتی کی بقا کے لیے عمل کا میدان سنبھالنا ہوگا!

جرنلسٹ فاؤنڈیشن کی نومنتخب باڈی کی تقریب حلف برداری

رکن قائمہ کمیٹی ہما چغتائی نے حلف لیا، پارلیمانی سیکرٹری دفاع راجہ اسامہ کا خطاب

صحافیوں کیلئے جے ایف کی کاوشیں قابل ستائش، رزاق سیال، فرقان راؤ، عابد عباسی

مسائل حل کیلئے اتحاد کیساتھ آگے بڑھنا چاہیے، زیڈ اے ملک، رفاقت حسین، فرزانہ کوثر

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) جرنلسٹ فاؤنڈیشن کی نومنتخب باڈی کی تقریب حلف برداری کا انعقاد، پارلیمانی سیکرٹری برائے دفاع راجہ اسامہ سرور، ایم این اے اور رکن قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی امور ہما اختر چغتائی، صدر نیشنل پریس کلب عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ، فنانس سیکرٹری عابد عباسی، فرزانہ کوثر فوکل پرسن برائے وزیراعظم یوتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

یومِ دفاع کے موقع پر گرلز ہاکی نمائشی میچ میں وزیراعظم یوتھ الیون کامیاب

اسلام آباد اسپورٹس بورڈ الیون کو 1-0 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر اسلام آباد ہاکی ایسوسی ایشن کے زیرِ اہتمام اور پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے تعاون سے ایک شاندار نمائشی گرلز ہاکی میچ کا انعقاد کیا گیا، جس میں پرائم منسٹر یوتھ 11 اور اسلام آباد اسپورٹس بورڈ 11 کی ٹیمیں مدمقابل ہوئیں۔ میچ کے مہمانِ خصوصی رانا مشہود احمد خان، چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام اور محی الدین احمد وانی، صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن تھے۔ دونوں معزز مہمانوں نے میچ میں خصوصی شرکت کی، کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اور اسلام آباد میں خواتین ہاکی کے فروغ کے لیے جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ترقی پانے والے پولیس افسران کو رینک لگانے کی تقریب

آئی جی ناصر رضوی اور جواد طارق کا افسران کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اگلے عہدوں پر ترقی پانے والے پولیس افسران کو رینک لگانے کی پروقار تقریب۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی اور ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق نے انسپکٹر کے عہدے پر ترقی پانے والے پولیس افسران کو رینک لگائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پوٹھوہار پریس کلب انتخابات، میدان سج گیا

تین رکنی الیکشن بورڈ تشکیل، تمام 17 نشستوں پر امیدواروں میں مقابلہ ہوگا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے سال 2026-27 کے انتخابات کا میدان سج گیا، تین رکنی الیکشن بورڈ تشکیل دے دیا گیا۔ ایم کلیم اللہ بھٹی ایڈووکیٹ کو چیئرمین جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سی ڈی اے کا تجاوزات، غیر قانونی تعمیرات کیخلاف آپریشن

ایکسپریس وے کے اطراف 50 سے زائد تعمیراتی یونٹس کیخلاف کارروائی کی گئی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے اسلام آباد ایکسپریس وے کے دونوں اطراف تجاوزات، غیر قانونی و غیر مجاز تعمیرات کے خاتمے، بلڈنگ بائی لاز پر عملدرآمد، سرکاری واجبات کی وصولی اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے بھرپور آپریشن شروع کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں شعبہ بلڈنگ کنٹرول (بی سی ایس) اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ سی ڈی اے نے ضلعی انتظامیہ اور اسلام آباد پولیس کے تعاون سے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ کے اطراف تعمیراتی یونٹس کے خلاف سیلنگ اور ریگولرائزیشن مہم کا باقاعدہ آغاز کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

جماعت اسلامی کا لیاقت باغ میں احتجاجی دھرنا جاری

حکومت فوری طور پر پٹرولیم لیوی ختم کرے، رہنماؤں کا مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس کی ظالمانہ وصولی، آئی پی پیز کے عوام دشمن معاہدوں کے خلاف لیاقت باغ راولپنڈی میں بھی احتجاجی دھرنا چوتھے روز بھی جاری ہے، دھرنے میں راولپنڈی اور اس کے گردونواح سے بڑی تعداد میں شہری اور جماعت اسلامی کے کارکنان اور برادرز تنظیموں کے کارکنان سمیت امیر جماعت اسلامی راولپنڈی شہر سید عارف شیرازی، امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی دیہی راجہ محمد جواد، امیر جماعت اسلامی مری غلام احمد عباسی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ جماعت اسلامی پنجاب کے سیکرٹری جنرل اقبال خان نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سابق وائس پریزیڈنٹ راولپنڈی کینٹ بورڈ شیخ عنایت، سیٹھ مرتضیٰ علی پانی کے بورنگ کا افتتاح کر رہے

جماعت اسلامی اسلام آباد کا اہم اجلاس

20 ستمبر مارچ کی تیاریوں پر تفصیلی مشاورت کی گئی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) جماعت اسلامی اسلام آباد کا اہم اجلاس امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا کی زیرصدارت دفتر جماعت اسلامی میلوڈی میں منعقد ہوا، جس میں 20 ستمبر کو ہونے والے اسلام آباد مارچ کی تیاریوں کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں سیکرٹری جنرل زبیر صفدر، نائب امراء اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مارچ کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے 20 انتظامی کمیٹیاں قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ مارچ کے لیے قائم اسٹیئرنگ کمیٹی کا ابتدائی اجلاس بھی منعقد ہوا۔ اجلاس میں فیصلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

گوجرخان، 8 سالہ محمد آیان کی ہلاکت، پوسٹ مارٹم رپورٹ میں اہم انکشاف

بچے کے سر پر شدید چوٹ اور کھوپڑی میں فریکچر کی تصدیق کر دی، حتمی وجہ سامنے نہ آسکی

گوجرخان (بیورو رپورٹ) ڈھوک ماسٹر علی شان میں آٹھ سالہ یتیم محمد آیان کی لاش گھر کے قریب کنویں سے برآمد ہونے کے واقعے میں پوسٹ مارٹم رپورٹ نے بچے کے سر پر شدید چوٹ اور کھوپڑی میں فریکچر کی تصدیق کر دی، تاہم حتمی وجہ موت تاحال سامنے نہیں آسکی اور اس حوالے سے PFSA رپورٹ کا انتظار ہے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق محمد آیان کے سر کے temporo-occipital حصے پر گہرا زخم پایا گیا، جس کے نتیجے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ناران، کمسن بچوں کے بہیمانہ قتل میں ملوث ملزمان گرفتار

ملزمان نے مبینہ طور بکریاں چرانے کے تنازع پر 2 بچوں کو قتل کیا گیا تھا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ناران، چراہگاہ کے تنازعے پر دو کمسن بچوں کے بہیمانہ قتل میں ملوث تمام نامزد ملزمان گرفتار، تھانہ ناران کی حدود ربانی ماہلی میں چراہگاہ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

مانسہرہ، پی ٹی آئی کا 27 ستمبر لانگ مارچ بارے اجلاس

قیادت کے ساتھ کھڑے اور ہر قربانی کے لیے تیار ہیں، کارکنان

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) اسپیکر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا بابر سلیم سواتی کی ہدایت پر صوبائی نائب صدر پاکستان تحریک انصاف کے پی کمال سلیم سواتی کی زیرصدارت انصاف سیکرٹریٹ ہجرہ امجد سلیم خان میں 27 ستمبر لانگ مارچ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں حلقہ بھر سے پارٹی عہدیداران کارکنان اور عمائدین نے بھرپور شرکت کی شرکاء نے بابر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد، ایم این اے و رکن قائمہ کمیٹی ہما اختر چغتائی جرنلسٹ فاؤنڈیشن کی نومنتخب باڈی سے حلف لے رہی ہیں

امریکا میں ہمت ہے تو ایرانی فوج کا سامنا کرے، مسعود پزشکیان

ہمارے سپریم لیڈر زندہ اور پہلے کی طرح نظام کے اندر کردار ادا کر رہے، دشمن ان کے ٹھکانے کا سراغ لگانے میں ناکام رہا

ہم جنگ کے خواہاں نہیں، دوست پڑوسی ممالک کو اپنی سرزمین سے ایران پر حملوں کی اجازت نہیں دینی، ایرانی صدر

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ خطے کے ممالک ہمارے بھائی ہیں، پڑوسی ممالک کو اپنی سرزمین سے ایران پر حملوں کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ ایک انٹرویو کے دوران مسعود پزشکیان کہا کہ جنگ ہم نے نہیں بلکہ امریکا اور اسرائیل نے شروع کی، ہم اس جنگ میں اپنا دفاع کر رہے ہیں، ہم جنگ کے خواہاں نہیں۔ صدر پزشکیان کا کہنا تھا کہ ہمیں متحدہ عرب امارات یا خطے کے کسی اور ملک سے کوئی مسئلہ نہیں، ہمیں خطے کے ممالک میں موجود امریکی فوجی اڈوں سے مسئلہ ہے، امریکی فوجی اڈوں سے ایران پر حملے ہوتے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

قوم کو واضح وژن اور عملی اقدامات کی ضرورت، خاقان خواجہ

سربراہ عوامی قوت پارٹی سے متاثر ہو کر پارٹی میں شمولیت اختیار کی، عاصمہ اسماعیل

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ قوم کو جھوٹے وعدوں اور روایتی سیاست کے بجائے واضح وژن، مؤثر پالیسیوں اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ کے ہمراہ نومنتخب عہدیداران وومن ونگ پنجاب کی صدر میڈم عاصمہ بٹ۔ پنڈی ڈویژن کے صدر میڈم نبیلہ فرغانی اور لائرز ونگ راولپنڈی ڈویژن کے صدر راجہ شفقت محبوب ایڈووکیٹ کا گروپ فوٹو

آئیسکو، بجلی بندش شیڈول جاری

اسلام آباد (اے پی پی): اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے ضروری سسٹم مینٹیننس کے باعث آج پیر کے لئے عارضی بجلی بندش کا شیڈول جاری کر دیا۔ اتوار کو ترجمان آئیسکو کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ ڈویلپمنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد پولیس کے سرچ آپریشنز، مشکوک افراد تھانہ منتقل

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز۔ سرچ آپریشنز کے دوران 329 افراد، 104 گھروں، 28 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد: نجی تعلیمی اداروں کیلئے فائر اینڈ لائف سیفٹی سرٹیفکیٹ لازمی قرار

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد کے تمام نجی تعلیمی اداروں کیلئے فائر اینڈ لائف سیفٹی سرٹیفکیٹ لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ پیرا نے تمام نجی اسکولوں کو سی ڈی اے سے سیفٹی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی ہدایت کر دی۔ اپنے بیان میں پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹیٹیوشنز ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) کا کہنا ہے کہ تمام نجی تعلیمی ادارے 15 دن کے اندر فائر سیفٹی این او سی جمع کروائیں۔

تحریک منہاج القرآن راولپنڈی کے زیر اہتمام میلاد کانفرنس

مصطفوی معاشرے کے قیام کیلئے مکالمے کو فروغ دینا ہوگا، حسن محی الدین

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) گزشتہ روز لیاقت باغ کے تاریخی سبزہ زار پر تحریک منہاج القرآن ضلع راولپنڈی کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان میلاد کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہر بھر سے ہزاروں افراد شریک ہوئے، خواتین کی بھی ایک بہت بڑی تعداد موجود تھی، سٹیج پر پیران اکرام، علماء، تاجر برادری، وکلاء، اساتذہ، ہر شعبہ ہائے زندگی کی نمائندہ شخصیات موجود تھیں، لیاقت باغ کو انتہائی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا، سامعین کی آسانی کیلئے چار پنڈال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، چیئرمین سپریم کونسل منہاج القرآن حسن محی الدین، پیر جنید گیلانی و دیگر میلاد کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس اشتہاری ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام

تھانہ شہزاد ٹاؤن میں درج متعدد مقدمات میں اشتہاری ملزمان قانون کی گرفت میں نہ آسکے

سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی واثق قیوم عباسی و دیگر کا حافظ ارسام کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) اسلام آباد پولیس اشتہاری ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام، اسلام آباد اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائی تو کرتی ہے لیکن وہ کارروائی شوشل میڈیا تک محدود ہے جبکہ تھانہ شہزاد ٹاؤن میں درج متعدد مقدمات میں ملزمان اشتہاری ہونے کے باوجود قانون کی آنکھوں سے اوجھل ہے جو کہ اسلام آباد پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

لاہور میں ہوا کی رفتار بڑھنے سے فضائی آلودگی میں کمی متوقع

لاہور (آئی این پی) لاہور میں جنوب مشرقی اور مشرقی سمت سے 5 سے 9 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلنے والی ہواؤں کے باعث آج دن بھر ایئر کوالٹی معتدل رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ ماحولیات کے مطابق ہوا کی رفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

حافظ قرآن بچوں کے والدین مبارکباد کے مستحق ہیں، واثق عباسی

اڈیالہ (نامہ نگار) تم میں بہتر ھے وہ شخص جو قرآن پاک پڑھے اور پڑھائے۔ مبارکباد کے مستحق ہیں وہ والدین جن کے بچے حافظ قرآن بن گئے ہیں۔ قرآن پاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

Safwan
Marquee & Event Lawn

سفوان
مارکی اینڈ ایونٹ لان

کی خدمات آپ کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں

آپکے دلوں کی دھڑکن آپکی خدمت میں پیش پیش

- کارپوریٹ
- کانفرنس/ سیمینار
- فیشن شو/ گالہ ایونٹس
- میرج ایونٹ
- سالگرہ پارٹی
- میوزیکل پروگرام
- مہندی فنکشن

اسپیشل بکنگ آفر
مناسب پیکج پر بکنگ جاری ہے

ایڈوانس بکنگ جاری ہے

پارک روڈ بالمقابل ہاٹل سٹی نزل کنگ حماد یونیورسٹی اسلام آباد

فون نمبر: 03320491234 , 03310491234 , 051-2321105-7

PAKISTAN NAVY

DIRECTORATE OF PROCUREMENT (NAVY)
OPEN TENDER

DP (NAVY) NEAR SNID CENTER, CDA MARKET, AT NAVAL RESIDENTIAL COMPLEX, E-8, ISLAMABAD

SEALED TENDERS ARE INVITED BY DP (NAVY) FOR PURCHASE OF FOLLOWING ITEMS:

S. #	IT.NO	DESCRIPTION	CLOSING DATE & TIME	OPENING DATE & TIME
1	2690029/ R-2609/340081	BULLET PROOF JACKET LEVEL-III COLOUR PAK MARINES CAMOUFLAGE (MEDIUM & LARGE SIZE)	30-09-2026 10:30 AM	30-09-2026 11:00 AM
2	2590392/ R2601/360442	14XLINE ITEMS (GYM AND SPORTS EQUIPMENT) FOR 2ND FP BN	01-10-2026 10:30 AM	01-10-2026 11:00 AM

TERMS & CONDITIONS:

1. Complete details and specifications of the tender can be downloaded from PPRA website.
2. Only registered supplier on Active Taxpayers List (ATL) of FBR are eligible to participate in the Tender and submit quote.

PID(I)2420/26